بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباحُ القرآن

وَلَوْ اَنَّنَا 8

پروفیسر عبد الرّحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیتُ القرآن

لاہور۔ پاکستان

0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباح القرآن

وَلَوْ اَنَّنَا 8

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبدالرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول .... جون 2023
ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیر نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلیے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور "Book Developer" رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمدللہ۔ 2001ء سے تاحال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری وساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن
1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دار السلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دار السلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چنگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تا کہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل وگلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روح رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کر کے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے "مفتاح القرآن" والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ "مصباح القرآن" ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ "مصباح القرآن" میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح القرآن" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا ان لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تا کہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبدالجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکم الٰہی "یَاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ" کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعد ازاں فَلْیُبَلِّغِ الشَّاھِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبان رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہدِ مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ "مصباح القرآن" پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریقِ تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم رب کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمۂ صافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کر کے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ، سینوں میں محفوظ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ، اور یوں پورا قرآن محفوظ "ایک مثالی زندگی" کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقۂ حیات، یارِ غار رسول ﷺ کی بیٹی ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی "کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنُ" کی صورت جس پر "لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ" کی خدائی مہرِ تصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ "آیاتِ قرآنیہ" کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہٗ اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تاکہ اللہ کی کتاب کو براہِ راست سمجھا جا سکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک "طرح" جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ "مصباح القرآن" میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردو خواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی "نفسیاتی وحشت" دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ "مصباح القرآن" جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنا دیا ہے۔ "مصباح القرآن" کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ "مصباح القرآن" کے اس سلسلۂ اشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجا طور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ "بیت القرآن" اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاھُمُ اللّٰہُ خَیْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردو خواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیرنظر کتاب "مصباح القرآن" جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات و مسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاج دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی
مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے "الجامعۃ الاسلامیہ" سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی ومطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ "عرض مرتب" میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقہ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف واکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، "مفتاح القرآن" اور "مصباح القرآن" دونوں کو اللہ تعالیٰ نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
"مفتاح القرآن" میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور "مصباح القرآن" میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کر دے جس کی بابت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔
﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾﴾ القمر 17
ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح "مصباح القرآن" دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاء اللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ

حافظ صلاح الدین یوسف
مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہو کر خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمدللہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہو چکا ہے۔ الحمدللہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبول عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کارِ خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے، آمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائد اعظم کیمپس لاہور، پاکستان

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ (لانگ کورس) اور ”معلم القرآن“ (شارٹ کورس) میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ”مفتاح القرآن“ اور ”معلم القرآن“ کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

2 بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

وَلَوْ	اَنَّنَا نَزَّلْنَآ [1][2]	اِلَيْهِمُ	الْمَلٰٓئِكَةَ [3]	وَكَلَّمَهُمُ [4]
اور اگر	یقیناً ہم نازل کرتے	اُن کی طرف	فرشتے	اور کلام کرتے اُن سے
الْمَوْتٰى	وَحَشَرْنَا [2]	عَلَيْهِمْ	كُلَّ شَيْءٍ	قُبُلًا
مُردے	اور ہم اکٹھا کر دیتے	اُن پر	ہر چیز (کو)	سامنے
مَّا كَانُوْا	لِيُؤْمِنُوْٓا [5]	اِلَّآ اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ [6]	وَلٰكِنَّ
نہیں تھے وہ سب	کہ وہ سب ایمان لاتے	مگر یہ کہ	اللہ چاہتا	اور لیکن
اَكْثَرَهُمْ	يَجْهَلُوْنَ [6] (111)	وَكَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	لِكُلِّ نَبِيٍّ
اُن کے اکثر	سب جہالت سے کام لیتے ہیں	اور اسی طرح	ہم نے بنایا	ہر نبی کے لیے
عَدُوًّا [7]	شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ [7]	وَالْجِنِّ	يُوْحِيْ [6]	بَعْضُهُمْ
دشمن	انسانوں کے شیطانوں (کو)	اور جنوں (کے)	دل میں ڈالتا ہے	اُن کا بعض
اِلٰى بَعْضٍ	زُخْرُفَ الْقَوْلِ	غُرُوْرًا ط	وَلَوْ شَآءَ	رَبُّكَ
بعض کی طرف	ملمع کی ہوئی بات	دھوکہ دینے (کیلیے)	اور اگر چاہتا	آپ کا رب
مَا	فَعَلُوْهُ [8]	فَذَرْهُمْ [4]	وَمَا	يَفْتَرُوْنَ (112)
(تو) نہ	وہ سب کرتے اُسے	پس آپ چھوڑ دیں اُنہیں	اور جو	وہ سب جھوٹ گھڑتے ہیں
وَلِتَصْغٰٓى [9][5]	اِلَيْهِ	اَفْئِدَةُ [3]	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ [10]
اور تاکہ مائل ہو جائیں	اُس کی طرف	دل	(اُن لوگوں کے) جو	نہیں وہ سب ایمان رکھتے

بِالْاٰخِرَةِ [11]	وَ	لِيَرْضَوْهُ [8][5]	وَ	لِيَقْتَرِفُوْا [5]	مَا هُمْ
آخرت پر	اور	تاکہ وہ سب راضی ہوں اس سے	اور	تاکہ وہ سب کرتے رہیں	جو وہ سب

مُّقْتَرِفُوْنَ (113)	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ	اَبْتَغِيْ	حَكَمًا [12]	وَّهُوَ
سب کرنے والے (ہیں)	تو کیا اللہ کے علاوہ	میں تلاش کروں	کوئی منصف	حالانکہ وہی (ہے)

الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	اِلَيْكُمُ	الْكِتٰبَ	مُفَصَّلًا ط [13][14]	وَالَّذِيْنَ
جس نے	نازل کی	تمہاری طرف	کتاب	تفصیل بیان کی ہوئی	اور (وہ لوگ) جو (کہ)

اٰتَيْنٰهُمُ [2][4]	الْكِتٰبَ	يَعْلَمُوْنَ	اَنَّهٗ	مُنَزَّلٌ [13]
ہم نے دی اُنہیں	کتاب	وہ سب جانتے ہیں	کہ بیشک وہ	نازل کی گئی ہے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اَنَّنَا کے نَا اور نَزَّلْنَآ کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم ہے۔

[2] فعل کے آخر میں علامت نَا سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم یا ہم نے کیا جاتا ہے۔

[3] یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہاں جمع کے لیے ہے۔

[4] هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں، اُن کو یا اُن سے کیا جاتا ہے۔

[5] فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

[6] یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[7] یہاں یْنَ جمع کی علامت نہیں بلکہ یہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

[8] علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[9] تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[10] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

[11] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[12] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے

[13] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[14] یعنی یہ مفصل کتاب آپ ﷺ کی نبوت کی صداقت پر دلیل کے لیے کافی ہے دراصل کفار مکہ چاہتے تھے کہ اُن کے اور نبی ﷺ کے درمیان جو اختلافات ہیں اُن کے لیے اہل کتاب کو حَکَم بنالیا جائے وہ جو فیصلہ کریں ہم سب اسے مانیں، اس آیت میں اس تجویز کا جواب دیا گیا ہے۔

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ	اور اگر واقعی ہم اُن کی طرف فرشتے نازل کرتے
وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا	اور اُن سے مُردے کلام کرتے اور ہم اکٹھا کر دیتے
عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا	اُن پر ہر چیز کو سامنے لا کر (پھر بھی) نہیں تھے
لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ	کہ وہ ایمان لاتے مگر یہ کہ اللہ چاہتا
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿111﴾	اور لیکن اُنکے اکثر جہالت سے کام لیتے ہیں۔ ﴿111﴾
وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا	اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیے دشمن بنا دیا
شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ	انسانوں اور جنوں کے شیطانوں کو
يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ	ان کا بعض بعض کی طرف دل میں ڈالتا رہتا ہے
زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ	ملمع کی ہوئی بات دھوکہ دینے کے لیے
وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ	اور اگر آپ کا رب چاہتا (تو) وہ ایسا نہ کرتے
فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿112﴾	پس چھوڑ دیجیے انہیں اور جو وہ جھوٹ گھڑتے ہیں ﴿112﴾
وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْئِدَةُ	اور تاکہ اُس (جھوٹ) کی طرف (ان لوگوں کے) دل مائل ہو جائیں
الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ	جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے
وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا	اور تاکہ وہ اُسے پسند کریں اور تاکہ یہ (وہی) کریں
مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿113﴾	جو وہ کرنے والے ہیں۔ ﴿113﴾
اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا	تو کیا اللہ کے علاوہ میں کوئی (اور) منصف تلاش کروں
وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ	حالانکہ وہی ہے جس نے تمہاری طرف نازل کی
الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ	(یہ) کتاب (قرآن) جو تفصیل کے ساتھ ہے
وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	اور وہ (لوگ) جنہیں ہم نے کتاب دی
يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ	وہ جانتے ہیں کہ بے شک وہ نازل شدہ ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ : شان وشوکت، رحم وکرم۔
نَزَّلْنَا : نازل، نزول، انزال۔
اِلَيْهِمْ : الداعی الی الخیر، مرسل الیہ۔
الْمَلٰٓئِكَةَ : ملک الموت، ملائکہ۔
كَلَّمَهُمْ : کلمہ، کلام، کلمات، متکلم۔
الْمَوْتٰى : موت وحیات، حیاتی ومماتی۔
حَشَرْنَا : حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
شَيْءٍ : شے، اشیائے خورد ونوش۔
لِيُؤْمِنُوْٓا : امن، ایمان، مؤمن۔
اِلَّآ : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
يَّشَآءَ : ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
يَجْهَلُوْنَ : جاہل، جہالت، مجہول۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
لِكُلِّ : الحمدللہ، لہٰذا / کل نمبر۔
عَدُوًّا : عدوّ، اعداء، عداوت۔
الْاِنْسِ : جنّ وانس، انسان، انسانیت۔
يُوْحِيْ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
غُرُوْرًا : غرور، مغرور۔
يَفْتَرُوْنَ : افتریٰ پردازی، مفتری۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
بِالْاٰخِرَةِ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔
لِيَرْضَوْهُ : راضی، مرضی، رضائے الٰہی۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
حَكَمًا : حکم، احکام، حاکم، محکوم۔
اَنْزَلَ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔
اِلَيْكُمْ : مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
مُفَصَّلًا : تفصیل، مفصل۔
يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔

مِنْ رَّبِّكَ	بِالْحَقِّ [1]	فَلَا تَكُوْنَنَّ [2]	مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ (114)
آپکے رب (کی طرف) سے	حق کے ساتھ	تو ہرگز نہ آپ ہوں	شک کرنے والوں میں سے

وَ	تَمَّتْ [3]	كَلِمَتُ [4] [5]	رَبِّكَ	صِدْقًا	وَّعَدْلًا ط
اور	مکمل ہوئی	بات	آپ کے رب (کی)	سچائی	اور عدل (میں)

لَا مُبَدِّلَ [6] [7]	لِكَلِمٰتِهٖ ج	وَ	هُوَ السَّمِيْعُ [8]	الْعَلِيْمُ (115)
کوئی نہیں تبدیل کرنے والا	اُس کی باتوں کو	اور	وہی خوب سننے والا	خوب جاننے والا (ہے)

وَاِنْ	تُطِعْ	اَكْثَرَ	مَنْ	فِي الْاَرْضِ	يُضِلُّوْكَ [9]
اور اگر	آپ اطاعت کریں	اکثر کی	جو	زمین میں (ہیں)	وہ سب بہکا دیں گے آپ کو

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط	اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ [10]	اِلَّا الظَّنَّ	وَاِنْ [10]	هُمْ
اللہ کے راستے سے	نہیں وہ سب پیروی کرتے	مگر (اپنے) گمان کی	اور نہیں (ہیں)	وہ سب

اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ (116)	اِنَّ رَبَّكَ	هُوَ اَعْلَمُ [11]	مَنْ	يَّضِلُّ
مگر	وہ سب اٹکل دوڑاتے	بیشک آپکا رب	وہ خوب جاننے والا	(اُسے) جو	وہ بھٹکتا ہے

عَنْ سَبِيْلِهٖ ج	وَهُوَ	اَعْلَمُ [11]	بِالْمُهْتَدِيْنَ [1] (117)	فَكُلُوْا
اُس کے راستے سے	اور وہ	خوب جاننے والا	ہدایت پانے والوں کو	تو تم سب کھاؤ

مِمَّا [12]	ذُكِرَ [13]	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ	اِنْ كُنْتُمْ	بِاٰيٰتِهٖ [1]
(اس) سے جو	ذکر کیا گیا	اللہ کا نام	اُس پر	اگر ہو تم	اُسکی آیات پر

مُؤْمِنِيْنَ [7] (118)	وَمَا	لَكُمْ	اَلَّا [14]	تَاْكُلُوْا	مِمَّا [12]
سب ایمان رکھنے والے	اور کیا (ہے)	تمہارے لیے	یہ کہ نہ	تم سب کھاؤ	(اس) سے جو

ذُكِرَ [13]	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ	وَقَدْ	فَصَّلَ
ذکر کیا گیا	اللہ کا نام	اُس پر	حالانکہ یقیناً	اس نے تفصیل سے بیان کر دیا

لَكُمْ	مَّا	حَرَّمَ	عَلَيْكُمْ	اِلَّا	مَا
تمہارے لیے	جو	اُس نے حرام کیا	تم پر	مگر	جو

اضْطُرِرْتُمْ	اِلَيْهِ ط	وَاِنَّ	كَثِيْرًا	لَّيُضِلُّوْنَ
تم مجبور کر دیے جاؤ	اُس کی طرف	اور بیشک	بہت (سے لوگ)	یقیناً وہ سب گمراہ کرتے ہیں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[2] لَا کے بعد فعل کے آخر میں نّ ہو تو اس میں تاکید کے ساتھ نفی کا حکم ہوتا ہے۔

[3] تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

[4] یہاں كَلِمَةٌ کو قرآنی کتابت میں كَلِمَتُ لکھا گیا ہے۔

[5] یہاں بات سے مراد قرآن مجید ہے یعنی قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کی ہر بات واقعات یا مستقبل کے وعدوں کے لحاظ سے سچی ہے اور جتنے احکام اس میں بیان ہوئے ہیں وہ سب عدل وانصاف پر مشتمل ہیں۔

[6] لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی کا مفہوم ہوتا ہے اور اس کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

[7] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[8] هُوَ کے بعد اَلْ میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ وہی کیا جاتا ہے۔

[9] علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[10] اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

[11] اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[12] مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

[13] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے، مثلاً:
كُتِبَ: فرض کیا گیا۔ قُتِلَ قتل کیا گیا۔

[14] اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔

مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ	آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ
فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿114﴾	تو آپ شک کرنے والوں میں سے ہرگز نہ ہوں۔ ﴿114﴾
وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا	اور آپ کے رب کی بات مکمل ہوئی سچائی میں
وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ	اور عدل میں، اُسکی باتوں کو کوئی تبدیل کرنیوالا نہیں
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿115﴾	اور وہی خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿115﴾
وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ	اور اگر آپ (ان میں سے) اکثر کا کہنا مانیں جو زمین میں ہیں
يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	(تو) وہ آپ کو اللہ کے راستے سے بھٹکا دیں گے
اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ	وہ (اپنے) گمان کے سوا (کسی چیز کی) پیروی نہیں کرتے
وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿116﴾	اور اسکے سوا کچھ نہیں (کہ) وہ اٹکل دوڑاتے ہیں ﴿116﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ	بیشک آپکا رب وہ خوب جاننے والا ہے جو بھٹکتا ہے
عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ	اس کے راستے سے، اور وہ خوب جاننے والا ہے
بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿117﴾ فَكُلُوْا	ہدایت پانے والوں کو۔ ﴿117﴾ تو تم کھاؤ
مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ	اس میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو
اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿118﴾	اگر تم اُس کی آیات پر ایمان رکھنے والے ہو۔ ﴿118﴾
وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا	اور کیا ہے تمہیں کہ تم نہ کھاؤ
مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ	اس میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو
وَقَدْ فَصَّلَ	حالانکہ یقیناً اس نے تفصیل سے بیان کر دیا ہے
لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ	تمہارے لیے (اسے) جو اس نے تم پر حرام کیا ہے
اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ	مگر جس کی طرف تم مجبور کر دیے جاؤ
وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ	اور بیشک بہت (سے لوگ) یقیناً گمراہ کرتے ہیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِّنْ: منجانب، من حیث القوم۔
بِالْحَقِّ: بالکل / حق وباطل۔
فَلَا: لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
تَمَّتْ: اتمام حجت، تمت بالخیر۔
كَلِمَتُ: کلمہ، کلام، کلمات، متکلم۔
صِدْقًا: صداقت، صادق وامین۔
عَدْلًا: عدل، عادل، عدلیہ۔
مُبَدِّلَ: تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
السَّمِيْعُ: سمع وبصر، آلۂ سماعت۔
الْعَلِيْمُ: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
تُطِعْ: اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔
اَكْثَرَ: اکثر، کثرت، اکثریت۔
فِي: فی الحال، فی الفور، فی الواقع۔
الْاَرْضِ: ارض وسما، قطعہ اراضی۔
يُضِلُّوْكَ: ضلالت وگمراہی۔
سَبِيْلِ: فی سبیل اللہ، سبیل نکالنا۔
يَتَّبِعُوْنَ: اتباع، تابع، متبع سنت۔
الظَّنَّ: سوءِ ظن، حسنِ ظن۔
بِالْمُهْتَدِيْنَ: ہدایت، ہادی برحق۔
فَكُلُوْا: اکل وشرب، اکل حلال۔
مِمَّا: منجانب، من وعن / ماحول
ذُكِرَ: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
اسْمُ: اسم، اسم گرامی۔
عَلَيْهِ: علیحدہ، علی الاعلان۔
فَصَّلَ: تفصیل، مفصل۔
حَرَّمَ: حرام، محرم، تحریم۔
اِلَّا: الاماشاءاللہ، الاقلیل۔
اضْطُرِرْتُمْ: اضطراری حالت۔
اِلَيْهِ: مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔
لَيُضِلُّوْنَ: ضلالت وگمراہی۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

بِاَهْوَآئِهِمْ [1]	بِغَيْرِ عِلْمٍ ط [2]	اِنَّ	رَبَّكَ [3]	هُوَ
اپنی خواہشات سے	علم کے بغیر	بے شک	آپ کا رب	وہ

اَعْلَمُ [4]	بِالْمُعْتَدِيْنَ [1] (119)	وَذَرُوْا	ظَاهِرَ الْاِثْمِ
خوب جاننے والا	حد سے بڑھنے والوں کو	اور تم سب چھوڑ دو	ظاہر گناہ (کو)

وَ	بَاطِنَهٗ ط	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْسِبُوْنَ	الْاِثْمَ
اور	اُسکے چھپے ہوئے (کو)	بیشک	(وہ لوگ) جو	وہ سب کماتے ہیں	گناہ

سَيُجْزَوْنَ [5]	بِمَا [1]	كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ [6] (120)	وَ
عنقریب وہ سب بدلہ دیے جائیں گے	(اُس) کا جو	وہ سب کیا کرتے تھے	اور

لَا تَاْكُلُوْا [7]	مِمَّا [8]	لَمْ يُذْكَرِ [9]	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ
مت تم سب کھاؤ	(اُس) میں سے جو	نہ لیا گیا ہو	اللہ کا نام	اُس پر

وَ	اِنَّهٗ	لَفِسْقٌ ط [10]	وَ	اِنَّ	الشَّيٰطِيْنَ
اور	بے شک وہ	یقیناً نافرمانی (ہے)	اور	بیشک	شیاطین

لَيُوْحُوْنَ [10]	اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ	لِيُجَادِلُوْكُمْ ج [11]	وَ
یقیناً وہ سب (دل میں) ڈالتے ہیں	اپنے دوستوں کی طرف	تاکہ وہ سب جھگڑا کریں تم سے	اور

اِنْ	اَطَعْتُمُوْهُمْ [12]	اِنَّكُمْ	لَمُشْرِكُوْنَ [10] ع (121)	اَوَ [13]
اگر	تم نے اطاعت کر لی اُن کی	بیشک تم	یقیناً سب مشرک (ہو جاؤ گے)	اور کیا

ع 14 11 1

مَنْ	كَانَ	مَيْتًا	فَاَحْيَيْنٰهُ	وَ	جَعَلْنَا	لَهٗ
جو	تھا	مُردہ	پھر ہم نے زندہ کیا اُسے	اور	ہم نے بنا دیا	اُس کے لیے

نُوْرًا	يَّمْشِيْ	بِهٖ [1]	فِي النَّاسِ	كَمَنْ
نور	وہ چلتا ہے	اُس کے ساتھ	لوگوں میں	(اس کی) طرح (ہے) جو

مَّثَلُهٗ [14]	فِي الظُّلُمٰتِ	لَيْسَ	بِخَارِجٍ [15]	مِّنْهَا ط
اُس کی مثال	اندھیروں میں	نہیں	ہرگز وہ نکلنے والا	اُن سے

كَذٰلِكَ	زُيِّنَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ [6] (122)
اسی طرح	مزین کر دیا گیا	کافروں کے لیے	جو	تھے وہ سب عمل کرتے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

2 یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہاں وہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

3 كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے

4 اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

5 یہ اصل میں سَيُجْزَيُوْنَ تھا علامت يَ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے، وْنَ کے ساتھ والی ی کو قاعدے کے مطابق حذف کیا جاتا ہے۔

6 یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

7 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

8 مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

9 علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً ماضی میں کیا جاتا ہے۔

10 شروع میں علامت لَ تاکید کے لیے ہے۔

11 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

12 تُمْ کے ساتھ کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمْ اور اس کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

13 جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

14 مَثَلُهٗ سے مراد اس کا حال ہے۔

15 بِ سے پہلے نفی والا لفظ گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ	اپنی خواہشات سے علم کے بغیر، بیشک آپ کا رب
هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿119﴾	وہ حد سے بڑھنے والوں کو خوب جاننے والا ہے ﴿119﴾
وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۭ	اور تم چھوڑ دو ظاہر گناہ کو اور اُسکے چھپے ہوئے کو (بھی)
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ	بے شک (وہ لوگ) جو گناہ کماتے ہیں
سَيُجْزَوْنَ	عنقریب ضرور وہ بدلہ دیے جائیں گے
بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿120﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا	اس (گناہ) کا جو وہ کرتے تھے۔ ﴿120﴾ اور تم مت کھاؤ
مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ	اس میں سے جس پر (کہ) اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو
وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ۭ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ	اور بیشک وہ یقیناً نافرمانی ہے اور بیشک شیاطین
لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰۗـِٕــهِمْ	یقیناً اپنے دوستوں کی طرف (شبہات) ڈالتے ہیں
لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ	تاکہ وہ تم سے جھگڑا کریں
وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ	اور اگر تم نے اُن کی اطاعت کر لی
اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿121﴾ ع	(تو) بے شک تم (بھی) یقیناً مشرک ہو جاؤ گے ﴿121﴾
اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ (ع 14 11 1)	اور بھلا کیا جو شخص مردہ تھا، پھر ہم نے اُسے زندہ کیا
وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا	اور ہم نے اُس کے لیے نور بنا دیا (کہ)
يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ	وہ جس کے ساتھ لوگوں میں چلتا ہے
كَمَنْ مَّثَلُهٗ	وہ اس کی طرح (ہو سکتا ہے) جسکی مثال (یہ ہے کہ وہ)
فِي الظُّلُمٰتِ	اندھیروں میں ہے
لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۭ	(اور وہ) اُن سے ہرگز نکلنے والا نہیں ہے
كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ	اسی طرح کافروں کے لیے مزین کر دیے گئے
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿122﴾	(وہ عمل) جو وہ کیا کرتے تھے۔ ﴿122﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- بِاَهْوَآئِهِمْ : ہوائے نفس۔
- بِغَيْرِ : بغیر علم، بغیر اجازت۔
- عِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- ظَاهِرَ : ظاہر، مظاہرہ، مظہر۔
- بَاطِنَهٗ : ظاہر و باطن، بطنِ مادر۔
- يَكْسِبُوْنَ : کسبِ حلال، اکتسابِ فیض۔
- سَيُجْزَوْنَ : جزا و سزا، جزائے خیر۔
- وَ : شان و شوکت، رحم و کرم۔
- لَا : لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
- تَاْكُلُوْا : اکل و شرب، اکل حلال۔
- يُذْكَرِ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
- اسْمُ : اسم، اسمِ گرامی، اسم بامسمّٰی۔
- عَلَيْهِ : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
- لَفِسْقٌ : فسق و فجور، فاسق و فاجر۔
- لَيُوْحُوْنَ : وحی متلو، وحی الٰہی۔
- اِلٰٓى : الداعی الی الخیر، مرسل الیہ۔
- اَوْلِيٰۗـِٕــهِمْ : ولی، اولیاء، ولی اللہ۔
- لِيُجَادِلُوْكُمْ : جنگ و جدل، جدال۔
- اَطَعْتُمُوْهُمْ : اطاعت، مطیع۔
- لَمُشْرِكُوْنَ : شرک، شریک، شراکت۔
- مَيْتًا : موت و حیات، سماعِ موتی۔
- فَاَحْيَيْنٰهُ : حیات، احیائے سنت۔
- نُوْرًا : نور، انوار، نورانیت۔
- فِي : فی الحال، فی الواقع۔
- النَّاسِ : عوام الناس، بعض الناس۔
- كَمَنْ : کماحقہ، عوام کالانعام۔
- بِخَارِجٍ : خارج، خروج، اخراج۔
- مِّنْهَا : منجانب، من حیث القوم۔
- زُيِّنَ : مزین، تزئین و آرائش۔
- مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَكَذٰلِكَ [1]	جَعَلْنَا [2]	فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ [3]	اَكٰبِرَ	مُجْرِمِيْهَا [4][5]
اور اسی طرح	ہم نے بنادیا	ہر بستی میں	سب سے بڑے	اسکے جرائم کرنے والے

لِيَمْكُرُوْا	فِيْهَا ط	وَمَا	يَمْكُرُوْنَ	اِلَّا
تاکہ وہ سب مکروفریب کریں	اس میں	اور نہیں	وہ سب مکروفریب کرتے	مگر

بِاَنْفُسِهِمْ	وَمَا	يَشْعُرُوْنَ (123)	وَاِذَا	جَآءَتْهُمْ [6][7]
اپنے نفسوں سے	اور نہیں	وہ سب شعور رکھتے	اور جب	آئے اُنکے پاس

اٰيَةٌ [3]	قَالُوْا [7]	لَنْ نُّؤْمِنَ	حَتّٰى	نُؤْتٰى
کوئی نشانی	سب کہتے ہیں	ہر گز نہیں ہم مانیں گے	حتی کہ	ہم دیے جائیں

مِثْلَ	مَآ	اُوْتِيَ [8]	رُسُلُ اللّٰهِ ط	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ [9]
(اسکی) مثل	جو	دیا گیا	اللہ کے رسولوں (کو)	اللہ	خوب جاننے والا (ہے)

وقف لازم
وقف منزل

حَيْثُ	يَجْعَلُ	رِسَالَتَهٗ ط	سَيُصِيْبُ [10]	الَّذِيْنَ
جہاں	وہ رکھتا ہے	اپنی رسالت (کو)	عنقریب ضرور پہنچے گی	جن

اَجْرَمُوْا	صَغَارٌ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَعَذَابٌ	شَدِيْدٌ م
سب نے جرم کیے	ذلت	اللہ کے پاس	اور عذاب	سخت

بِمَا	كَانُوْا	يَمْكُرُوْنَ (124)	فَمَنْ	يُّرِدِ اللّٰهُ [10]
(اس) وجہ سے جو	تھے وہ سب	وہ سب مکروفریب کرتے	پھر جسے	اللہ چاہتا ہے

اَنْ	يَّهْدِيَهٗ	يَشْرَحْ	صَدْرَهٗ	لِلْاِسْلَامِ ج
کہ	وہ ہدایت دے اُسے	وہ کھول دیتا ہے	اُسکا سینہ	اسلام کے لیے

وَمَنْ	يُّرِدْ	اَنْ يُّضِلَّهٗ	يَجْعَلْ	صَدْرَهٗ
اور جسے	وہ چاہتا ہے	کہ وہ گمراہ کردے اُسے	وہ کر دیتا ہے	اُس کے سینے (کو)

ضَيِّقًا	حَرَجًا	كَاَنَّمَا [11]	يَصَّعَّدُ [12]	فِي السَّمَآءِ ط [13]	كَذٰلِكَ [1]
تنگ	بہت گھٹا ہوا	گویا کہ	وہ چڑھ رہا ہے	آسمان میں	اسی طرح

يَجْعَلُ اللّٰهُ [10]	الرِّجْسَ	عَلَى الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ [14] (125)
ڈالتا ہے اللہ	گندگی (کو)	(اُن لوگوں) پر جو	نہیں وہ سب ایمان لاتے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] كَ شروع میں تشبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔

[2] فعل کے آخر میں نَا سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[3] اسم کے آخر میں ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[4] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[5] اس جملے کا ایک ترجمہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ " ہم نے ہر بستی میں وہاں کے بڑوں کو جرائم کا مرتکب بنایا "۔

[6] تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[7] جَآءَتْ اور قَالُوْا فعل ماضی ہیں، اِذَا کے بعد ان کا ترجمہ زمانہ حال میں کیا جاتا ہے۔

[8] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] اسم کے شروع میں "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے، اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔

[10] یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[11] كَاَنَّ کا ترجمہ گویا کہ ہوتا ہے، اور اگر اس کے ساتھ مَا آجائے تو اس میں گویا کہ یونہی ہے کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔

[12] یہ اصل میں يَتَصَعَّدُ تھا جس کا ترجمہ وہ کوشش سے چڑھتا ہے ہوتا ہے۔

[13] یعنی جس شخص کا سینہ اللہ تنگ کردے اس میں ایمان اور توحید کا داخل ہونا ایسے ہی ناممکن ہے جیسے زور لگا کر آسمان پر چڑھنا ناممکن ہے۔

[14] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ	اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں بنا دیا
اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا	سب سے بڑے اس (بستی) کے مجرموں کو
لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ط	تاکہ وہ اس میں مکر و فریب کریں
وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ	اور نہیں وہ مکر و فریب کرتے مگر اپنے نفسوں سے
وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿123﴾	اور وہ شعور نہیں رکھتے۔ ﴿123﴾
وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا	اور جب انکے پاس کوئی نشانی آئے (تو) کہتے ہیں
لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى	ہم ہرگز نہیں مانیں گے یہاں تک کہ ہمیں دیا جائے
مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔ	اُس کی مثل جو اللہ کے رسولوں کو دیا گیا
اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ	اللہ خوب جاننے والا ہے جہاں وہ رکھتا ہے
رِسَالَتَهٗ ط سَيُصِيْبُ	اپنی رسالت، عنقریب ضرور پہنچے گی
الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ	بڑی ذلت ان (لوگوں) کو جنھوں نے جرم کیے
عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌۢ	اللہ کے ہاں اور بہت سخت عذاب (بھی)
بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿124﴾	اس وجہ سے جو وہ مکر و فریب کرتے تھے۔ ﴿124﴾
فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ	پھر جسے اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ وہ اُسے ہدایت دے
يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ج	(تو) اُس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے
وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ	اور جسے وہ چاہتا ہے کہ اُسے گمراہ کر دے
يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا	(تو) اسکے سینے کو تنگ بہت گھٹا ہوا کر دیتا ہے
كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ط	گویا کہ وہ آسمان میں چڑھ رہا ہے
كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ	اسی طرح اللہ گندگی کو ڈالتا ہے
عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿125﴾	ان (لوگوں) پر جو ایمان نہیں لاتے۔ ﴿125﴾

وقف لازم
وقف منزل

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
وَ : شان و شوکت، رحم و کرم۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔
كُلِّ : کل نمبر، کل تعداد، کلی طور۔
قَرْيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی۔
اَكٰبِرَ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
مُجْرِمِيْهَا : جرم، مجرم، جرائم پیشہ۔
لِيَمْكُرُوْا : مکر و فریب، مکار۔
اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل۔
بِاَنْفُسِهِمْ : نفس، نفوس قدسیہ۔
يَشْعُرُوْنَ : عقل و شعور، شعوری طور پر۔
قَالُوْا : قول، اقوال، اقوال زریں۔
نُّؤْمِنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
حَتّٰى : حتی الامکان، حتٰی کہ۔
مِثْلَ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل
اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔
رِسَالَتَهٗ : رسول، مرسل، ترسیل۔
سَيُصِيْبُ : مصیبت، آلام و مصائب۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور۔
شَدِيْدٌ : شدید، شدت، تشدد۔
يَمْكُرُوْنَ : مکر و فریب، مکار۔
يُّرِدِ : ارادہ، مرید، مراد۔
يَّهْدِيَهٗ : ہدایت، ہادی برحق۔
يَشْرَحْ : شرح و بسط، شرح صدر۔
صَدْرَهٗ : صدری علم، شرح صدر۔
يُّضِلَّهٗ : ضلالت و گمراہی۔
ضَيِّقًا : ضیق الصدر، ضیق النفس۔
حَرَجًا : کوئی حرج نہیں۔
السَّمَآءِ : ارض و سما، کتب سماویہ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَهٰذَا	صِرَاطُ	رَبِّكَ	مُسْتَقِيْمًا ؕ	قَدْ
اور یہ	راستہ (ہے)	آپکے رب (کا)	سیدھا	بلاشبہ

فَصَّلْنَا [1]	الْاٰيٰتِ [2]	لِقَوْمٍ	يَّذَّكَّرُوْنَ [3] ﴿126﴾
ہم نے کھول کر بیان کر دی ہیں	آیات	(اس) قوم کیلیے	(جو) وہ سب نصیحت حاصل کرتے ہیں

لَهُمْ [4]	دَارُ السَّلٰمِ	عِنْدَ رَبِّهِمْ [5]	وَهُوَ	وَلِيُّهُمْ [5]
اُن کے لیے	سلامتی کا گھر (ہے)	اُنکے رب کے پاس	اور وہ	اُنکا دوست (ہے)

بِمَا [6]	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ [7] ﴿127﴾	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا ج
(اس) وجہ سے جو	تھے وہ سب عمل کرتے	اور (جس) دن	وہ اکٹھا کریگا اُنہیں	سب (کو)

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ	قَدِ	اسْتَكْثَرْتُمْ [8]	مِّنَ الْاِنْسِ ج
(اور کہے گا) اے جنوں کے گروہ!	یقیناً	تم نے بہت زیادہ حاصل کیا	انسانوں سے

وَقَالَ [9]	اَوْلِيٰٓؤُهُمْ [5]	مِّنَ الْاِنْسِ	رَبَّنَا	اسْتَمْتَعَ [8]
اور کہیں گے	اُن کے دوست	انسانوں میں سے	(اے) ہمارے رب!	فائدہ حاصل کیا

بَعْضُنَا	بِبَعْضٍ [6]	وَّبَلَغْنَآ [1]	اَجَلَنَا	الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ
ہمارے بعض نے	بعض سے	اور ہم پہنچ گئے	اپنے وقت (کو)	جو تو نے مقرر کیا (تھا)

لَنَا [4] ط	قَالَ [9]	النَّارُ	مَثْوٰىكُمْ	خٰلِدِيْنَ
ہمارے لیے	(اللہ) فرمائے گا	آگ	تمہارا ٹھکانا (ہے)	سب ہمیشہ رہنے والے (ہو)

فِيْهَآ	اِلَّا	مَا شَآءَ اللّٰهُ ط	اِنَّ	رَبَّكَ	حَكِيْمٌ
اُس میں	مگر	جو اللہ چاہے	بیشک	آپکا رب	بہت حکمت والا

عَلِيْمٌ ﴿128﴾	وَكَذٰلِكَ	نُوَلِّيْ [10]	بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ
خوب علم والا (ہے)	اور اسی طرح	ہم مسلط کر دیتے ہیں	بعض ظالموں (کو)

بَعْضًا	بِمَا [6]	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ [7] ﴿129﴾ ع	يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ
بعض (پر)	(اس) وجہ سے جو	تھے وہ سب کمایا کرتے	اے جنوں کے گروہ!

وَالْاِنْسِ	اَلَمْ	يَاْتِكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ [11]
اور انسانوں (کے)	کیا نہیں	وہ آئے تمہارے پاس	رسول	تم میں سے

ع 15 8 2

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 نَا فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم یا ہم نے کیا جاتا ہے۔

2 ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

3 یہ اصل میں يَتَذَكَّرُوْنَ تھا گرامر کے اصول کے مطابق تَ کو ذ سے بدلا جاتا ہے نیز تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

4 لَهُمْ میں لَ اور لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا جس کا ترجمہ لیے ہوتا ہے، یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

5 هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

6 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

7 یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

8 فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب و چاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔

9 قَالَ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ فعل مستقبل میں کیا گیا ہے۔

10 نُوَلِّيْ کا ایک ترجمہ ہم ایک دوسرے کے ساتھی بنا دیں گے بھی کیا گیا ہے یعنی جیسے دنیا میں گناہ کرنے میں ایک دوسرے کے ساتھی تھے اسی طرح آخرت کا عذاب بھگتنے میں بھی ایک دوسرے کے ساتھ شریک حال ہوں گے۔

11 یہاں مِنْكُمْ سے مراد انسانوں اور جنات کا مجموعہ ہے البتہ تمام رسول انسان ہی تھے کیونکہ جنات میں سے کوئی الگ رسول نہیں آیا۔

وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ	اور یہ آپ کے رب کا راستہ ہے سیدھا
قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ	بلاشبہ ہم نے آیات کھول کھول کر بیان کر دی ہیں
لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿126﴾	(اس) قوم کیلیے (جو کہ) نصیحت حاصل کرتے ہیں ﴿126﴾
لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ	اُن کے لیے سلامتی کا گھر ہے
عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ	اُن کے رب کے پاس اور وہ اُن کا دوست ہے
بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿127﴾	اس وجہ سے جو وہ اعمال کرتے تھے۔ ﴿127﴾
وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ	اور جس دن وہ اُنہیں اکٹھا کرے گا سب کو
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ	(تو کہے گا) اے جنوں کے گروہ!
قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ	یقیناً تم نے انسانوں سے بہت (فوائد) حاصل کیے
وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ	اور انسانوں میں سے اُن کے دوست کہیں گے
رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا	اے ہمارے رب! ہمارے بعض نے فائدہ اٹھایا
بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا	بعض سے اور (آخر) ہم اپنے اس وقت کو پہنچ گئے
الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ	جو تو نے ہمارے لیے مقرر کیا تھا
قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ	(اللہ) فرمائے گا آگ (ہی) تمہارا ٹھکانا ہے،
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ	اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو مگر جو اللہ چاہے
اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿128﴾	بیشک آپ کا رب بہت حکمت والا خوب علم والا ہے ﴿128﴾
وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ	اور اسی طرح ہم مسلط کر دیتے ہیں بعض ظالموں کو
بَعْضًاۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿129﴾ ع 15 8 2	بعض پر اس وجہ سے جو وہ کمایا کرتے تھے۔ ﴿129﴾
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ	اے جنوں اور انسانوں کے گروہ!
اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ	کیا تمہارے پاس تم میں سے کوئی رسول نہیں آئے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان۔
- وَ : شان وشوکت، رحم وکرم۔
- هٰذَا : حامل رقعہ ہذا، لہٰذا۔
- صِرَاطُ : صراطِ مستقیم، پل صراط۔
- مُسْتَقِيْمًا : خطِ مستقیم، استقامت۔
- فَصَّلْنَا : تفصیل، مفصل، تفصیلات۔
- الْاٰيٰتِ : آیت، آیات قرآنی۔
- لِقَوْمٍ : لہٰذا، الحمدللہ / قوم، اقوام۔
- يَذَّكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
- دَارُ : دارِ ارقم، دارِ فانی۔
- عِنْدَ : عندالطلب، عندیہ۔
- وَلِيُّهُمْ : ولی، اولیائے کرام، مولیٰ۔
- يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول۔
- يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
- يَحْشُرُهُمْ : حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
- يٰمَعْشَرَ : یا اللہ / معاشرہ، معاشرت۔
- اسْتَكْثَرْتُمْ : اکثر، کثیر، کثرت۔
- الْاِنْسِ : جن وانس، انسان۔
- قَالَ : قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
- اسْتَمْتَعَ : متاعِ کارواں، مال ومتاع۔
- بَلَغْنَآ : بالغ، ذرائع ابلاغ، مبلغ۔
- اَجَلَنَا : فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
- النَّارُ : نوری و ناری مخلوق۔
- خٰلِدِيْنَ : خالد، خلدِ بریں۔
- شَآءَ : ماشاءاللہ، مشیت الٰہی۔
- حَكِيْمٌ : حکیم، حکمت، حکما۔
- عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
- يَكْسِبُوْنَ : کسبِ حلال، اکتسابِ فیض۔
- رُسُلٌ : رسول، مرسل، رسالت۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

يَقُصُّوْنَ	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِيْ [1]	وَ	يُنْذِرُوْنَكُمْ
وہ سب بیان کرتے (تھے)	تم پر	میری آیتیں	اور	وہ سب ڈراتے (تھے) تمہیں

لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ هٰذَا ط	قَالُوْا [2]	شَهِدْنَا [2]
ملاقات (سے)	تمہارے اس دن کی	وہ سب کہیں گے	ہم گواہی دیتے ہیں

عَلٰٓى اَنْفُسِنَا	وَ	غَرَّتْهُمُ [3]	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا [3]	وَ
اپنے آپ پر	اور	دھوکہ دیا اُنہیں	دنیوی زندگی (نے)	اور

شَهِدُوْا [2]	عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ [4]	اَنَّهُمْ	كَانُوْا كٰفِرِيْنَ [5] (130)
وہ سب گواہی دیں گے	اپنے نفسوں کے خلاف	کہ بیشک وہ	تھے سب کفر کرنے والے

ذٰلِكَ [6]	اَنْ	لَّمْ	يَكُنْ [7]	رَّبُّكَ	مُهْلِكَ [8]
یہ (اس لیے)	کہ	نہیں	ہے	آپ کا رب	ہلاک کرنے والا

الْقُرٰى	بِظُلْمٍ	وَّ [9]	اَهْلُهَا	غٰفِلُوْنَ (131)
بستیوں (کو)	ظلم کے ساتھ	جبکہ	اسکے باشندے	سب بے خبر (ہوں)

وَلِكُلٍّ	دَرَجٰتٌ [3]	مِّمَّا [10]	عَمِلُوْا ط	وَمَا
اور ہر ایک کیلیے	درجے (ہیں)	(اس میں) سے جو	اُن سب نے عمل کیے	اور نہیں

رَبُّكَ	بِغَافِلٍ [11]	عَمَّا [12]	يَعْمَلُوْنَ (132)	وَرَبُّكَ
آپکا رب	ہرگز بے خبر	(اس) سے جو	وہ سب کر رہے ہیں	اور آپ کا رب

الْغَنِيُّ	ذُو الرَّحْمَةِ ط [3]	اِنْ	يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ	وَ
بہت بے پروا	رحمت والا (ہے)	اگر	وہ چاہے	وہ لے جائے تمہیں	اور

يَسْتَخْلِفْ	مِنْۢ بَعْدِكُمْ [13]	مَّا	يَشَآءُ	كَمَآ
وہ جانشین بنا دے	تمہارے بعد	جسے	وہ چاہے	جس طرح

اَنْشَاَكُمْ	مِّنْ ذُرِّيَّةِ [3]	قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ط [14] (133)	اِنَّ	مَا
اُس نے پیدا کیا تمہیں	اولاد سے	دوسرے لوگوں کی	بیشک	جس (چیز) کا

تُوْعَدُوْنَ [15]	لَاٰتٍ لا	وَّمَآ	اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ [11] (134)
تم سب وعدہ دیے جاتے ہو	ضرور آنیوالی ہے	اور نہیں	تم	ہرگز سب عاجز کر دینے والے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 یْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے

2 یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ حال یا مستقبل میں کیا گیا ہے۔

3 علامت تٌ، ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

4 عَلٰی کا اصل ترجمہ پر ہوتا ہے یہاں عَلٰی سے مراد کے خلاف ہے۔

5 یہاں وْا اور یْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

6 ذٰلِکَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

7 علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

8 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

9 وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی ترجمہ کیا جاتا ہے۔

10 مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔

11 اگر مَا کے بعد علامت بِ آئے تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی البتہ اس سے بات میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اور ترجمہ میں ہرگز کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

12 عَمَّا دراصل عَنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔

13 اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

14 قَوْمٍ لفظاً واحد ہے اور معنیً جمع ہے اس وجہ سے اس کے ساتھ لفظ کے آخر میں جمع کی علامت یْنَ آئی ہے جس کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔

15 فعل کے شروع میں تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ	(جو) تم پر میری آیتیں بیان کرتے ہوں
وَ يُنْذِرُوْنَكُمْ	اور وہ تمہیں ڈراتے ہوں
لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا	تمہارے اس دن کی ملاقات سے، وہ کہیں گے
شَهِدْنَا عَلٰۤى اَنْفُسِنَا	ہم اپنے نفسوں کے خلاف گواہی دیتے ہیں
وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	اور اُنہیں دنیوی زندگی نے دھوکہ دیا
وَشَهِدُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ	اور وہ اپنے نفسوں کے خلاف گواہی دیں گے
اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ (130)	کہ بے شک وہ کافر تھے۔ (130)
ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ	یہ (پیغمبروں اور کتابوں کا بھیجنا اس لیے تھا) کہ نہیں ہے
رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ	آپ کا رب بستیوں کو ظلم کے ساتھ ہلاک کرنے والا
وَّ اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ (131)	جبکہ اس کے باشندے بے خبر ہوں۔ (131)
وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا	اور ہر ایک کیلیے (مختلف) درجے ہیں اس (لحاظ) سے جو
عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ	انہوں نے عمل کیے اور آپکا رب نہیں ہے
بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ (132)	ہرگز بے خبر اس سے جو وہ کررہے ہیں۔ (132)
وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ	اور آپ کا رب ہے ہی بے پروا رحمت والا
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ	اگر وہ چاہے (تو) تمہیں لے جائے
وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ	اور تمہارے بعد جانشین بنادے
مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ	جسے چاہے، جیسا کہ اُس نے تمہیں پیدا کیا
مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ؕ (133) اِنَّ	دوسرے لوگوں کی اولاد سے۔ (133) بیشک
مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ	جس (چیز) کا تم سے وعدہ کیا جارہا ہے ضرور آنیوالی ہے
وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ (134)	اور تم ہرگز عاجز کردینے والے نہیں ہو۔ (134)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِنْكُمْ : منجانب، من وعن۔
يَقُصُّوْنَ : قصہ گوئی، قصص القرآن۔
عَلَيْكُمْ : علی العموم، علی الاعلان۔
اٰيٰتِيْ : آیت، آیات قرآنی۔
وَ : شان و شوکت، رحم و کرم۔
لِقَآءَ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
يَوْمِكُمْ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
هٰذَا : حامل رقعہ ہذا، لہٰذا۔
قَالُوْا : قول، مقولہ، اقوال زریں۔
شَهِدْنَا : شاہد، شہید، شہادت۔
اَنْفُسَنَا : نفس، نفسا نفسی، نفوس۔
غَرَّتْهُمُ : غرور، مغرور۔
الْحَيٰوةُ : موت و حیات۔
مُهْلِكَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک۔
الْقُرٰى : قریہ قریہ بستی بستی۔
بِظُلْمٍ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
اَهْلُهَا : اہل و عیال، اہل محلہ۔
غٰفِلُوْنَ : غافل، غفلت، تغافل۔
لِكُلٍّ : الحمدللہ، لہٰذا / کل نمبر۔
دَرَجٰتٌ : درجہ، درجات۔
مِّمَّا : منجانب / ماحول، ماتحت۔
عَمِلُوْا : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
الْغَنِيُّ : غنی، مستغنی، اغنیا۔
ذُو : ذوالجلال، ذو معنی، ذومال۔
يَّشَاْ : ماشاءاللہ، مشیت الٰہی۔
يَسْتَخْلِفْ : خلیفہ، خلافت، خلف۔
اَنْشَاَكُمْ : انشاء پردازی، نشوونما۔
ذُرِّيَّةِ : ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
اٰخَرِيْنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔
تُوْعَدُوْنَ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

قُلْ [1]	يٰقَوْمِ [2]	اعْمَلُوْا	عَلٰى مَكَانَتِكُمْ [3]
آپ کہہ دیجیے	اے (میری) قوم!	تم سب عمل کرو	اپنی جگہ پر

اِنِّيْ	عَامِلٌ ج [4]	فَسَوْفَ [5]	تَعْلَمُوْنَ لا	مَنْ
بیشک میں	عمل کرنے والا (ہوں)	تو عنقریب	تم سب جان لوگے	جو

تَكُوْنُ [6]	لَهٗ	عَاقِبَةُ [6]	الدَّارِ ط	اِنَّهٗ
ہوتا ہے	اُس کیلیے	(اچھا) انجام	گھر (کا)	یہ یقینی بات ہے کہ

لَا يُفْلِحُ [7]	الظّٰلِمُوْنَ [4] (135)	وَ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ [8]
نہیں فلاح پاتے	سب ظلم کرنے والے	اور	اُن سب نے مقرر کیا	اللہ کے لیے

مِمَّا [9]	ذَرَاَ	مِنَ الْحَرْثِ	وَ
(اُس) میں سے جو	اُس نے پیدا کیا	کھیتی میں سے	اور

الْاَنْعَامِ	نَصِيْبًا	فَقَالُوْا [10]	هٰذَا	لِلّٰهِ [8]
چوپاؤں (میں سے)	ایک حصہ	پھر اُنہوں نے کہا	یہ	اللہ کے لیے

بِزَعْمِهِمْ [11][12]	وَ	هٰذَا	لِشُرَكَآئِنَا ج [8]	فَمَا [10]
اُن کے خیال سے	اور	یہ	ہمارے شریکوں کے لیے	پھر جو

كَانَ [13]	لِشُرَكَآئِهِمْ [8][12]	فَلَا يَصِلُ [10]	اِلَى اللّٰهِ ج
ہے	اُن کے شریکوں کے لیے	تو وہ نہیں پہنچتا	اللہ تک

وَ	مَا	كَانَ [13]	لِلّٰهِ [8]	فَهُوَ [10]	يَصِلُ
اور	جو	ہے	اللہ کے لیے	تو وہ	وہ پہنچ جاتا ہے

اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ط [12]	سَآءَ	مَا	يَحْكُمُوْنَ (136)
اُن کے شریکوں تک	بُرا ہے	جو	وہ سب فیصلہ کرتے ہیں

وَكَذٰلِكَ	زَيَّنَ	لِكَثِيْرٍ [8]	مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ
اور اسی طرح	مزین بنادیا	اکثریت کے لیے	مشرکوں میں سے

قَتْلَ	اَوْلَادِهِمْ [12]	شُرَكَآؤُهُمْ [12]	لِيُرْدُوْهُمْ [8][14][12]
قتل کرنا	اپنی اولاد (کو)	اُن کے شریکوں نے	تاکہ وہ سب ہلاک کردیں اُنہیں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق درمیان سے "وٗ" حذف ہوتا ہے۔

2 يٰقَوْمِ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے حذف ہے، اسی کا ترجمہ میری ہے۔

3 كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

4 فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

5 سَوْفَ جب فعل کے شروع میں ہو تو اسے مستقبل کے ساتھ خاص کردیتا ہے۔

6 یہاں تُ اور ةُ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

7 یہاں یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

8 اسم کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے اور فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔

9 مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

10 لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

11 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

12 علامت هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

13 كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہے اور کبھی ہوا بھی کیا جاتا ہے۔

14 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا	آپ کہہ دیجیے اے میری قوم! تم عمل کرو
عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ج	اپنی جگہ پر (اور) بیشک میں (بھی) عمل کرنے والا ہوں
فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لا	تو عنقریب تم جان لو گے
مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ط	جس کے لیے (اس) گھر کا (اچھا) انجام ہوتا ہے
اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿135﴾	یہ یقینی بات ہے کہ ظالم (کبھی) فلاح نہیں پاتے ﴿135﴾
وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ	اور اُنہوں نے اللہ کے لیے مقرر کیا ہے
مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ	اُس میں سے جو اُس نے پیدا کیا ہے کھیتی
وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا	اور چوپاؤں میں سے ایک حصہ
فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ	پھر اُنہوں نے کہا یہ اللہ کے لیے ہے
بِزَعْمِهِمْ	اُن کے خیال سے
وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ج	اور یہ ہمارے شریکوں کے لیے ہے
فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ	پھر جو (حصہ) اُن کے شرکاء (دیوتاؤں) کا ہے
فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ج	تو وہ اللہ کی طرف نہیں پہنچتا
وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ	اور جو (حصہ) اللہ کا ہے تو وہ پہنچ جاتا ہے
اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ط	اُن کے شریکوں (دیوتاؤں) کی طرف
سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿136﴾	بُرا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔ ﴿136﴾
وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ	اور اسی طرح مزین بنادیا
لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ	بہت سے مشرکوں کے لیے
قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ	اپنی اولاد کو قتل کرنا اُن کے شریکوں نے
لِيُرْدُوْهُمْ	تاکہ وہ انہیں ہلاکت میں ڈال دیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

بِمُعْجِزِيْنَ: عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔
قُلْ: قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
يٰقَوْمِ: یا اللہ، یا رحمان/ قوم، اقوام۔
عَلٰى: علی الاعلان، علی العموم۔
مَكَانَتِكُمْ: کون و مکان، مکانات، مکین
عَامِلٌ: عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
تَعْلَمُوْنَ: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
عَاقِبَةُ: عالمِ عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
الدَّارِ: دارِ ارقم، دارِ فانی، دار الکتب۔
لَا: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
يُفْلِحُ: فوز و فلاح، فلاحِ دارین۔
الظّٰلِمُوْنَ: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
وَ: شان و شوکت، رحم و کرم۔
لِلّٰهِ: لہٰذا، الحمدللہ۔
مِمَّا: منجانب، من و عن/ ماحول۔
نَصِيْبًا: نصیب اپنا اپنا، خوش نصیب۔
هٰذَا: حامل رقعہ ہذا، لہٰذا۔
بِزَعْمِهِمْ: زُعم میں مبتلا ہونا، زُعمِ باطل۔
لِشُرَكَآئِنَا: شرک، شریک، مشرک۔
فَلَا: لا محالہ، لا محدود، لاتعداد۔
يَصِلُ: وصل، وصول، موصول۔
اِلٰى: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
سَآءَ: علمائے سوء، اعمالِ سیّئہ۔
مَا: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
يَحْكُمُوْنَ: حکم، احکام، حاکم، حکومت۔
زَيَّنَ: مزین، تزئین و آرائش۔
لِكَثِيْرٍ: الحمدللہ، لہٰذا/ کثیر، کثرت۔
مِّنَ: منجانب، من جملہ، من و عن۔
قَتْلَ: قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
اَوْلَادِهِمْ: ولادت، ولد، اولاد، مولود۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَلِيَلْبِسُوْا [1]	عَلَيْهِمْ	دِيْنَهُمْ ط [2]	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ
اور تاکہ وہ سب خلط ملط کر دیں	اُن پر	اُن کا دین	اور اگر	اللہ چاہتا

مَا فَعَلُوْهُ [3]	فَذَرْهُمْ [4]	وَمَا	يَفْتَرُوْنَ (137)
وہ سب اُسے نہ کرتے	پس چھوڑ دیجیے اُنہیں	اور جو	وہ سب جھوٹ باندھتے ہیں

وَقَالُوْا	هٰذِهٖٓ	اَنْعَامٌ [5]	وَّحَرْثٌ	حِجْرٌ صلے
اور اُن سب نے کہا	یہ	چوپائے	اور کھیتی	ممنوع (ہے)

لَّا	يَطْعَمُهَآ [6]	اِلَّا	مَنْ	نَّشَآءُ	بِزَعْمِهِمْ [7] [2]
نہیں	کھائے گا اُسے (کوئی)	مگر	جسے	ہم چاہیں گے	اپنے خیال سے

وَاَنْعَامٌ [5]	حُرِّمَتْ [8] [9]	ظُهُوْرُهَا	وَاَنْعَامٌ [5]	لَّا
اور کچھ چوپائے	حرام کی گئی ہیں	اُن کی پیٹھیں	اور کچھ چوپائے	نہیں

يَذْكُرُوْنَ	اسْمَ اللّٰهِ	عَلَيْهَا	افْتِرَآءً	عَلَيْهِ ط
وہ سب ذکر کرتے	اللہ کا نام	اُن پر	جھوٹ باندھتے ہوئے	اُس پر

سَيَجْزِيْهِمْ [4]	بِمَا [7]	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ [10] (138)	وَقَالُوْا
عنقریب وہ سزا دے گا اُنہیں	(اس) وجہ سے جو	تھے وہ سب جھوٹ باندھتے	اور اُن سب نے کہا

مَا	فِيْ بُطُوْنِ	هٰذِهِ الْاَنْعَامِ	خَالِصَةٌ [11]	لِّذُكُوْرِنَا [1]
جو	پیٹوں میں (ہے)	اِن چوپایوں کے	خالص (ہے)	ہمارے مَردوں کے لیے

وَ	مُحَرَّمٌ [12]	عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ج [13]	وَاِنْ	يَّكُنْ
اور	حرام کیا ہوا (ہے)	ہماری بیویوں پر	اور اگر	وہ ہو

مَّيْتَةً [11]	فَهُمْ	فِيْهِ	شُرَكَآءُ ط	سَيَجْزِيْهِمْ [4]
مُردہ	تو وہ سب	اُس میں	شریک (ہیں)	عنقریب وہ سزا دے گا اُنہیں

وَصْفَهُمْ ط [2]	اِنَّهٗ	حَكِيْمٌ [14]	عَلِيْمٌ [14] (139)
اُنکے بیان کی	بیشک وہ	بہت حکمت والا	خوب علم والا (ہے)

قَدْ	خَسِرَ	الَّذِيْنَ	قَتَلُوْٓا	اَوْلَادَهُمْ [2]
یقیناً	خسارہ اُٹھایا	(ان لوگوں نے) جن	سب نے قتل کیا	اپنی اولاد (کو)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اسم کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے اور فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔

2 هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

3 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

4 هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔

5 اَنْعَامٌ "نَعَمٌ" کی جمع ہے، جس کا ترجمہ اونٹ ہوتا ہے، البتہ یہ لفظ بھیڑ بکری اور گائے پر بھی بولا جاتا ہے۔

6 علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

7 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

8 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

9 تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

10 یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

11 ةً واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

12 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

13 اَزْوَاجٌ زَوْجٌ کی جمع ہے، اس کا اصل ترجمہ جوڑا ہوتا ہے کیونکہ میاں بیوی دونوں جوڑے کے ممبر ہوتے ہیں اس لیے یہ لفظ دونوں پر بولا جاتا ہے۔

14 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ	اور تاکہ وہ اُن پر اُن کا دین خلط ملط کر دیں
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ	اور اگر اللہ چاہتا (تو) وہ ایسا نہ کرتے
فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿137﴾	پس چھوڑ دیجیے اُنہیں اور جو وہ جھوٹ باندھتے ہیں ﴿137﴾
وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ	اور انہوں نے کہا یہ چوپائے اور کھیتی
حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا	ممنوع ہیں اُنہیں اس کے سوا کوئی نہیں کھائے گا
مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ	جسے ہم چاہیں گے انکے خیال سے اور کچھ چوپائے ہیں
حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ	(کہ) اُنکی پیٹھیں حرام کی گئی ہیں اور کچھ چوپائے ہیں
لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا	(کہ) جن پر وہ اللہ کا نام نہیں لیتے
افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ	اُس پر جھوٹ باندھتے ہوئے
سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا	عنقریب وہ اُنہیں اس وجہ سے سزا دے گا جو
كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿138﴾ وَقَالُوْا	وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ ﴿138﴾ اور انہوں نے (یہ بھی) کہا
مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ	جو اِن چوپاؤں کے پیٹوں میں (بچہ) ہے
خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا	(وہ) ہمارے مردوں کے لیے خالص ہے
وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ	اور ہماری بیویوں پر حرام کیا ہوا ہے
وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً	اور اگر وہ مردہ ہو
فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ	تو وہ سب (یعنی مرد و عورتیں) اس میں شریک ہیں
سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ	عنقریب وہ اُنہیں اُنکے (اس) بیان کی سزا دے گا
اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿139﴾	بیشک وہ بہت حکمت والا خوب علم والا ہے۔ ﴿139﴾
قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ	یقیناً (اُن لوگوں نے) خسارہ اُٹھایا جنہوں نے
قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ	اپنی اولاد کو قتل کیا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

شُرَكَآؤُهُمْ : شریک، شراکت، مشرک۔
وَ : شان و شوکت، رحم و کرم۔
عَلَيْهِمْ : علی الاعلان، علی العموم۔
شَآءَ : ماشاءاللہ، مشیت۔
فَعَلُوْهُ : فعل، فاعل، مفعول۔
يَفْتَرُوْنَ : افتریٰ پردازی، مفتری۔
قَالُوْا : قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
هٰذِهٖ : حامل رقعہ ہذا، لہٰذا۔
يَطْعَمُهَآ : قیام وطعام، بعد از طعام۔
اِلَّا : الاماشاءاللہ، الا قلیل۔
بِزَعْمِهِمْ : زُعم، زُعم باطل۔
حُرِّمَتْ : حرام، محرم، تحریم، حرمت۔
يَذْكُرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
اسْمَ : اسمِ گرامی، اسم بامسمّٰی۔
عَلَيْهَا : علیحدہ، علی الاعلان۔
افْتِرَآءً : افتریٰ پردازی، مفتری۔
سَيَجْزِيْهِمْ : جزا و سزا، جزاک اللہ خیراً۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
بُطُوْنِ : بطنِ مادر۔
خَالِصَةٌ : خالص، خلوص، مخلص۔
لِّذُكُوْرِنَا : مؤنث و مذکر، تذکیر و تانیث۔
اَزْوَاجِنَا : زوجہ، زوجیت۔
مَّيْتَةً : موت و حیات، سماعِ موتیٰ۔
شُرَكَآءُ : شرک، شریک، مشرک۔
وَصْفَهُمْ : وصف، موصوف، اوصاف
حَكِيْمٌ : حکیم، حکمت و دانائی۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
خَسِرَ : خسارہ، خائب و خاسر۔
قَتَلُوْٓا : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
اَوْلَادَهُمْ : ولادت، ولد، اولاد، مولود۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

16 ع 11 3

سَفَهًا	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَّ	حَرَّمُوْا	مَا [1]
بے وقوفی (سے)	علم کے بغیر	اور	اُن سب نے حرام ٹھہرایا	جو
رَزَقَهُمُ اللّٰهُ [2]	افْتِرَآءً	عَلَى اللّٰهِ ط	قَدْ ضَلُّوْا	
رزق دیا اُنہیں اللہ نے	جھوٹ باندھتے ہوئے	اللہ پر	یقیناً وہ سب گمراہ ہو گئے	
وَمَا [1]	كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ [3] ع (140)	وَهُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَ
اور نہ	ہوئے سب ہدایت پانے والے	اور وہ	جس نے	پیدا کیے
جَنّٰتٍ [4]	مَّعْرُوْشٰتٍ [4]	وَّغَيْرَ	مَعْرُوْشٰتٍ [4]	وَّالنَّخْلَ
باغات	(چھتریوں پر) چڑھائے ہوئے	اور نہ	چڑھائے ہوئے	اور کھجور کے درخت
وَالزَّرْعَ	مُخْتَلِفًا	اُكُلُهٗ [5]	وَالزَّيْتُوْنَ	وَالرُّمَّانَ
اور کھیتی	مختلف ہیں	اُس کے پھل	اور زیتون	اور انار
مُتَشَابِهًا [6][7]	وَّغَيْرَ	مُتَشَابِهٍ ط [6][7]	كُلُوْا [8]	مِنْ ثَمَرِهٖٓ [5]
باہم مشابہت رکھنے والے	اور نہ	باہم مشابہت رکھنے والے	تم سب کھاؤ	اُسکے پھل سے
اِذَآ	اَثْمَرَ	وَاٰتُوْا	حَقَّهٗ [5]	يَوْمَ حَصَادِهٖ [5] صلے ز
جب	وہ پھل دے	اور تم سب دو	اُس کا حق	اُس کی کٹائی کے دن
وَ	لَا تُسْرِفُوْا ط [9]	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ [10]	الْمُسْرِفِيْنَ [6] لا (141)
اور	مت تم سب اسراف کرو	بیشک وہ	نہیں پسند کرتا	اسراف کرنے والوں (کو)
وَمِنَ الْاَنْعَامِ	حَمُوْلَةً [11]	وَّ	فَرْشًا ط	كُلُوْا [8]
اور چوپاؤں میں سے	بوجھ اُٹھانے والے	اور	زمین سے لگے ہوئے	تم سب کھاؤ
مِمَّا [1][12]	رَزَقَكُمُ [13]	اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعُوْا [9]
(اس) سے جو	رزق دیا تمہیں	اللہ (نے)	اور	مت تم سب پیروی کرو
خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ط [4]	اِنَّهٗ	لَكُمْ [14]	عَدُوٌّ	
شیطان کے قدموں (کی)	بے شک وہ	تمہارے لیے	دشمن (ہے)	
مُّبِيْنٌ لا (142)	ثَمٰنِيَةَ [4]	اَزْوَاجٍ ج [15]	مِنَ الضَّاْنِ	اثْنَيْنِ [16]
کھلا	آٹھ	قسمیں	بھیڑ میں سے	دو

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

2 هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں یا اُن کو کیا جاتا ہے۔

3 یہاں وْا اور یْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

4 ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں۔

5 هٗ یا هٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

6 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

7 اس لفظ میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

8 یہ لفظ اَكَلَ سے بنا ہے، فعل امر بناتے ہوئے شروع سے "أ" کو حذف کیا جاتا ہے

9 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

10 علامت یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

11 یہاں ةً واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے اور حَمُوْلَةً سے مراد اونٹ، بیل، خچر، گدھا اور گھوڑا وغیرہ ہیں اور فَرْشًا سے مراد بھیڑ بکری وغیرہ ہیں۔

12 مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

13 كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

14 لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

15 زوج کا لفظ جوڑے کے ہر فرد نر اور مادہ دونوں کے لیے بولا جاتا ہے، یہاں ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ سے مراد آٹھ افراد ہیں نہ کہ آٹھ جوڑے۔

16 یہاں یْنِ اصل لفظ کا حصہ ہے، الگ ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ	بے وقوفی سے علم کے بغیر
وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ	اور انہوں نے حرام ٹھہرایا جو اللہ نے انہیں رزق دیا
افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ط قَدْ ضَلُّوْا	اللہ پر جھوٹ باندھتے ہوئے یقیناً وہ گمراہ ہو گئے
ع 16 11 3 وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ع (140)	اور ہدایت پانے والے نہ ہوئے۔ (140)
وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ	اور (اللہ) وہی ہے جس نے باغات پیدا کیے
مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ	چھتریوں پر چڑھائے ہوئے اور نہ چڑھائے ہوئے
وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا	اور کھجور کے درخت اور کھیتی، مختلف ہیں
اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ	اسکے پھل (ذائقے میں) اور زیتون اور انار (بھی پیدا کیے)
مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ط	ایک دوسرے سے ملتے جلتے اور نہ ملتے جلتے
كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ	اس کے پھل میں سے تم کھاؤ جب وہ پھل دے
وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ صلے	اور تم اس کی کٹائی کے دن اس کا حق ادا کرو
وَلَا تُسْرِفُوْا ط اِنَّهٗ	اور تم اسراف مت کرو، بے شک وہ
لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ لا (141)	اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ (141)
وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً	اور چوپاؤں میں سے کچھ بوجھ اُٹھانیوالے (پیدا کیے)
وَّفَرْشًا ط كُلُوْا مِمَّا	اور کچھ زمین سے لگے ہوئے، تم (اس) سے کھاؤ جو
رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا	اللہ نے تمہیں رزق دیا اور تم پیروی مت کرو
خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ط	شیطان کے قدموں کی
اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ لا (142)	بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ (142)
ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ج	(حلال جانوروں کی) آٹھ قسمیں (پیدا کیں)
مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ	بھیڑ میں سے دو (یعنی نر اور مادہ)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- بِغَيْرِ : بغیر اجازت، بغیر علم۔
- عِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- وَّ : شان و شوکت، شام و سحر۔
- حَرَّمُوْا : حرام، محرم، تحریم، حرمت۔
- مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
- رَزَقَهُمُ : رزق، رزّاق، رازق۔
- افْتِرَآءً : افترٰی پردازی، مفتری۔
- عَلَى : علی الاعلان، علی العموم۔
- ضَلُّوْا : ضلالت و گمراہی۔
- مُهْتَدِيْنَ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
- اَنْشَاَ : انشاء پردازی، نشوونما۔
- النَّخْلَ : نخل، نخلستان۔
- الزَّرْعَ : زراعت، زرعی زمین۔
- مُخْتَلِفًا : خلاف، مختلف، اختلاف۔
- مُتَشَابِهًا : مشابہ، شباہت، مشابہت۔
- مِنْ : منجانب، من حیث القوم۔
- كُلُوْا : اکل و شرب، ماکولات۔
- ثَمَرِهٖ : ثمر، ثمرات۔
- حَقَّهٗ : حق، حقیقت، حق و باطل۔
- يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
- تُسْرِفُوْا : اسراف و تبذیر۔
- يُحِبُّ : حب، حبیب، محب۔
- الْمُسْرِفِيْنَ : اسراف و تبذیر۔
- حَمُوْلَةً : حمل، حامل، حاملہ عورت۔
- فَرْشًا : فرش، عرش و فرش۔
- كُلُوْا : اکل و شرب، ماکولات۔
- تَتَّبِعُوْا : اتباع، تابع، متبع سنت۔
- عَدُوٌّ : عدوّ، اعداء، عداوت۔
- مُّبِيْنٌ : دلیل بیّن، مبیّنہ طور پر۔
- اثْنَيْنِ : ثانی، لاثانی، عقدِ ثانی۔

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

وَ	مِنَ الْمَعْزِ	اثْنَيْنِ ط [1]	قُلْ [2]	ءٰالذَّكَرَيْنِ [1]
اور	بکری میں سے	دو	آپ کہہ دیجیے	کیا دونوں نر

حَرَّمَ	اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ [1]	اَمَّا [3]	اشْتَمَلَتْ [4]	عَلَيْهِ
اُس نے حرام کیے	یا دونوں مادہ	یا جو (بچہ)	(کہ) مشتمل ہیں	اس پر

اَرْحَامُ	الْاُنْثَيَيْنِ ط [1]	نَبِّئُوْنِيْ [5]	بِعِلْمٍ [6]	اِنْ
رحم	دونوں ماداؤں (کے)	تم سب خبر دو مجھے	کسی علم کے ساتھ	اگر

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ (143) لا	وَ	مِنَ الْاِبِلِ [7]	اثْنَيْنِ [1]
ہو تم	سب سچے	اور	اونٹوں میں سے	دو

وَ	مِنَ الْبَقَرِ [7]	اثْنَيْنِ ط [1]	قُلْ	ءٰالذَّكَرَيْنِ [1]
اور	گائیوں میں سے	دو	آپ کہہ دیجیے	کیا دونوں نر

حَرَّمَ	اَمِ	الْاُنْثَيَيْنِ [1]	اَمَّا [3]	اشْتَمَلَتْ [4]
اُس نے حرام کیے ہیں	یا	دونوں مادہ	یا جو (بچہ)	(کہ) مشتمل ہیں

عَلَيْهِ	اَرْحَامُ	الْاُنْثَيَيْنِ ط [1]	اَمْ	كُنْتُمْ
اس پر	رحم	دونوں ماداؤں (کے)	یا	تھے تم

شُهَدَآءَ	اِذْ	وَصّٰىكُمُ [8]	اللّٰهُ	بِهٰذَا ج
حاضر	جب	وصیت کی تھی تمہیں	اللہ (نے)	اس کی

فَمَنْ	اَظْلَمُ [9]	مِمَّنِ [10]	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ
پھر کون	بڑا ظالم (ہے)	(اس) سے جو	باندھے	اللہ تعالیٰ پر

كَذِبًا	لِّيُضِلَّ [11]	النَّاسَ [12]	بِغَيْرِ عِلْمٍ ط	اِنَّ
جھوٹ	تاکہ وہ گمراہ کرے	لوگوں (کو)	علم کے بغیر	بیشک

اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (144) ع [13]	قُلْ [2]
اللہ	نہیں وہ ہدایت دیتا	سب ظالم لوگوں (کو)	آپ کہہ دیجیے

ع 17 4 4

لَآ اَجِدُ	فِيْ مَآ	اُوْحِيَ [14]	اِلَيَّ [15]
نہیں میں پاتا	(اس) میں جو	وحی کی گئی	میری طرف

1 اِثْنَيْنِ کا ترجمہ دو ہے اور اگر کسی لفظ کے آخر میں یْنِ ہو تو اس کا ترجمہ بھی دو کیا جاتا ہے۔

2 قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق درمیان سے "و" گرا ہوا ہے۔

3 اَمَّا دراصل اَنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

4 تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

5 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے اور فعل کے ساتھ ی لگائی ہو تو درمیان میں نِ کا اضافہ لازمی کیا جاتا ہے۔

6 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔

7 اَلْاِبِلِ اور اَلْبَقَرِ سے پوری جنس مراد ہے، اس لیے ترجمہ اونٹوں اور گائیوں کیا گیا ہے۔

8 کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

9 علامت اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

10 مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔

11 فعل کے شروع میں علامت لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ کیا جاتا ہے۔

12 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

13 قَوْمًا اسم جنس ہے، لفظاً واحد اور معنیً جمع اس لیے ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے۔

14 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

15 اِلَیَّ دراصل اِلٰی + یْ کا مجموعہ ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ	اور بکری میں سے دو (یعنی نر اور مادہ)
قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ	آپ کہیے کیا دونوں نر اس (اللہ) نے حرام کیے ہیں؟
اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ	یا دونوں مادہ
اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ	یا وہ (بچہ) کہ جس پر مشتمل ہیں
اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّئُوْنِيْ	دونوں ماداؤں کے رحم؟ تم مجھے خبر دو
بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۙ (143)	کسی علم کے ساتھ اگر تم سچے ہو۔ (143)
وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ	اور اونٹوں میں سے دو (یعنی نر اور مادہ)
وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ	اور گائیوں میں سے دو (یعنی نر اور مادہ)
قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ	آپ کہیے کیا اس نے دونوں نر حرام کیے ہیں؟
اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ	یا دونوں مادہ؟ یا وہ (بچہ) کہ جس پر مشتمل ہیں
اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ	دونوں ماداؤں کے رحم
اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ	یا تم (اس وقت) حاضر تھے
اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ	جب تمہیں اللہ نے اس کی وصیت کی تھی؟
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ	پھر اس سے بڑا ظالم کون ہے جو
افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا	اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے
لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ	تاکہ وہ لوگوں کو علم کے بغیر گمراہ کرے
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي	بے شک اللہ (زبردستی) ہدایت نہیں دیتا
الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ع (144)	ظالم قوم کو۔ (144)
قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ	آپ کہہ دیجیے میں نہیں پاتا اس (وحی) میں جو
اُوْحِيَ اِلَيَّ	میری طرف وحی کی گئی ہے

ع 17 4 4

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- وَ : شان وشوکت، رحم وکرم۔
- مِنَ : منجانب، من حیث القوم۔
- اثْنَيْنِ : ثانی، لاثانی، عقدِ ثانی۔
- قُلْ : قول، مقولہ، اقوال زریں۔
- الذَّكَرَيْنِ : مؤنث ومذکر۔
- حَرَّمَ : حرام، محرم، حرمت۔
- اشْتَمَلَتْ : شامل، بشمول، مشتمل۔
- عَلَيْهِ : علی الاعلام، علی العموم۔
- اَرْحَامُ : رحم مادر، صلہ رحمی، ارحام۔
- نَبِّئُوْنِيْ : نبی، نبوت، انبیا۔
- بِعِلْمٍ : بالکل، بالمشافہہ، بالمقابل۔
- بِعِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- صٰدِقِيْنَ : صداقت، صادق وامین۔
- اَرْحَامُ : رحم مادر، صلہ رحمی، ارحام۔
- شُهَدَآءَ : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
- وَصّٰىكُمْ : وصیت، وصی۔
- بِهٰذَا : لہٰذا، مسجد ہٰذا، حامل رقعہ ہٰذا۔
- اَظْلَمُ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- افْتَرٰى : افتریٰ پردازی، مفتری۔
- كَذِبًا : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
- لِّيُضِلَّ : ضلالت وگمراہی۔
- النَّاسَ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
- بِغَيْرِ : بغیر اجازت، بغیر علم۔
- لَا : لاتعداد، لاعلم، لاعلاج۔
- يَهْدِي : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
- الْقَوْمَ : قوم، اقوام، قومیت۔
- اَجِدُ : وجود، موجود، ایجاد۔
- فِيْ : فی الحال، فی سبیل اللہ۔
- مَآ : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
- اُوْحِيَ : وحی متلو، وحی الٰہی۔

مُحَرَّمًا [1][2]	عَلٰی طَاعِمٍ [1]	يَّطْعَمُهٗٓ	اِلَّآ	اَنْ
کوئی حرام کی ہوئی (چیز)	کسی کھانے والے پر	(کہ) وہ کھائے اُسے	مگر	یہ کہ

يَّكُوْنَ	مَيْتَةً [3]	اَوْ	دَمًا مَّسْفُوْحًا [4]	اَوْ	لَحْمَ خِنْزِيْرٍ
وہ ہو	مُردار	یا	بہایا ہوا خون	یا	خنزیر کا گوشت

فَاِنَّهٗ	رِجْسٌ	اَوْ فِسْقًا	اُهِلَّ [5]	لِغَيْرِ اللّٰهِ [6]
تو بیشک وہ	ناپاک (ہے)	یا نافرمانی (کا باعث ہو)	نام پکارا گیا ہو	غیر اللہ کا

بِهٖ ج [7]	فَمَنِ [8]	اضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَّ
اس پر	پھر جو	مجبور کر دیا جائے	نہ بغاوت کرنے والا (ہو)	اور

لَا عَادٍ	فَاِنَّ [8]	رَبَّكَ	غَفُوْرٌ [9]	رَّحِيْمٌ [9] (145)
نہ حد سے تجاوز کرنے والا	تو بے شک	آپ کا رب	بہت بخشنے والا	نہایت رحم والا (ہے)

وَ	عَلَى الَّذِيْنَ	هَادُوْا	حَرَّمْنَا [10]	كُلَّ
اور	(اُن) پر جو	سب یہودی بن گئے	ہم نے حرام کر دیا	ہر

ذِيْ ظُفُرٍ ج	وَ	مِنَ الْبَقَرِ [11]	وَالْغَنَمِ [11]	حَرَّمْنَا [10]
ناخن والا (جانور)	اور	گائیوں میں سے	اور بکریوں (میں سے)	ہم نے حرام کر دیں

عَلَيْهِمْ	شُحُوْمَهُمَآ [12]	اِلَّا مَا	حَمَلَتْ [3]	ظُهُوْرُهُمَآ [12]
اُن پر	اُن دونوں کی چربیاں	مگر جسے	اُٹھایا ہو	اُن دونوں کی پیٹھوں نے

اَوِ الْحَوَايَآ	اَوْ	مَا	اخْتَلَطَ	بِعَظْمٍ ط [7]	ذٰلِكَ [13]
یا انتڑیوں (نے)	یا	جو	ملی ہو	ہڈی کے ساتھ	یہ

جَزَيْنٰهُمْ [10]	بِبَغْيِهِمْ صلے [7]	وَاِنَّا	لَصٰدِقُوْنَ [14] (146)	فَاِنْ [8]
ہم نے سزا دی اُنہیں	اُنکی سرکشی کی وجہ سے	اور بیشک ہم	یقیناً سچے (ہیں)	پھر اگر

كَذَّبُوْكَ [15]	فَقُلْ [8]	رَّبُّكُمْ	ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ج [3]
وہ سب جھٹلائیں آپ کو	تو کہہ دیجیے	تمہارا رب	وسیع رحمت والا

وَلَا	يُرَدُّ [16]	بَاْسُهٗ	عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ (147)
اور نہیں	ہٹایا جاتا	اُس کا عذاب	جرم کرنے والے لوگوں سے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

[2] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[3] ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[4] مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہے۔

[5] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[6] اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

[7] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر اور کبھی اس وجہ سے کیا جاتا ہے۔

[8] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

[9] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

[10] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[11] اَلْبَقَرِ، اَلْغَنَمِ سے پوری جنس مراد ہے، اس لیے ترجمہ گائیوں، بکریوں کیا گیا ہے۔

[12] علامت هُمَا کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔

[13] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

[14] یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[15] علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[16] یہاں یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں یہ اصل میں یُرْدَدُ تھا علامت یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ	کوئی حرام کی ہوئی چیز کسی کھانے والے پر
يَّطْعَمُهٗۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً	(کہ) وہ کھائے اسے مگر یہ کہ وہ مردار ہو
اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ	یا بہایا ہوا خون ہو یا خنزیر کا گوشت ہو
فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا	تو بے شک وہ ناپاک ہے یا نافرمانی (کا باعث) ہو (کہ)
اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ	اس پر غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو
فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ	پھر جو مجبور کر دیا جائے نہ بغاوت کرنے والا ہو
وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ	اور نہ حد سے تجاوز کرنے والا ہو، تو بیشک آپ کا رب
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿145﴾	بہت بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔ ﴿145﴾
وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا	اور اُن (لوگوں) پر جو یہودی بن گئے
حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ	ہم نے حرام کر دیا ہے ہر ناخن والا (جانور)
وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ	اور گائیوں اور بکریوں میں سے
حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَاۤ	ہم نے ان پر ان دونوں کی چربیاں حرام کر دی ہیں
اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَاۤ	مگر (وہ چربی) جسے اُٹھایا ہوا ان دونوں کی پیٹھوں نے
اَوِ الْحَوَايَاۤ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ	یا انتڑیوں نے یا جو ہڈی کے ساتھ ملی ہو
ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ	یہ ہم نے انہیں اُن کی سرکشی کی وجہ سے سزا دی
وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿146﴾	اور بے شک ہم یقیناً سچے ہیں۔ ﴿146﴾
فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ	پھر اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ کہہ دیجیے
رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ	تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے
وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ	اور اس کا عذاب نہیں ہٹایا جاتا
عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿147﴾	مجرم قوم سے۔ ﴿147﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- مُحَرَّمًا : حرام، حرمت، تحریم۔
- عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم۔
- طَاعِمٍ : قیام وطعام، بعد از طعام۔
- مَيْتَةً : موت وحیات، میت۔
- لَحْمَ : ماء اللحم، لحمیات، لحیم شحیم۔
- فِسْقًا : فسق وفجور، فاسق وفاجر۔
- لِغَيْرِ : دیار غیر، غیر اللہ۔
- اضْطُرَّ : اضطرار، اضطراری حالت۔
- بَاغٍ : باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔
- عَادٍ : تعدی، متعدی۔
- غَفُوْرٌ : استغفار، استغفر اللہ۔
- رَّحِيْمٌ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔
- هَادُوْا : یہودی، یہود ونصاریٰ۔
- حَرَّمْنَا : حرام، محرم، تحریم، حرمت۔
- كُلَّ : کل نمبر، کل کائنات۔
- ذِيْ : ذیشان، ذی وقار۔
- عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی العموم۔
- اِلَّا : اِلاماشاءاللہ، اِلا قلیل۔
- حَمَلَتْ : حمل، حامل، حاملہ عورت۔
- اخْتَلَطَ : خلط ملط، مخلوط، اختلاط۔
- جَزَيْنٰهُمْ : جزاو سزا، جزاک اللہ خیراً۔
- لَصٰدِقُوْنَ : صداقت، صادق وامین۔
- كَذَّبُوْكَ : کذب بیانی، کاذب۔
- فَقُلْ : قول، مقولہ، اقوال زریں۔
- ذُوْ : ذوالجلال، ذومعنی، ذومال۔
- وَّاسِعَةٍ : وسعت، وسیع وعریض۔
- لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
- يُرَدُّ : رد، مردود، تردید، مرتد۔
- الْقَوْمِ : قوم، اقوام، قومیت۔
- الْمُجْرِمِيْنَ : جرم، جرائم، مجرم۔

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
2 مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
3 اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔
4 اسم کے شروع میں کَ تشبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔
5 قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، پڑھنے میں آسانی کے لیے "و" کو حذف کیا گیا ہے۔
6 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔
7 لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔
8 لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔
9 اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔
10 ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
11 اَجْمَعِیْنَ مکمل لفظ کا ترجمہ سب ہے اس لیے یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔
12 لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
13 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔
14 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

سَيَقُولُ [1]	الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا	لَوْ	شَآءَ اللّٰهُ
عنقریب کہیں گے	(وہ لوگ) جن	سب نے شرک کیا	اگر	اللہ چاہتا

مَآ اَشْرَكْنَا	وَلَآ	اٰبَآؤُنَا	وَلَا	حَرَّمْنَا
(تو) ہم شریک نہ بناتے	اور نہ	ہمارے باپ دادا	اور نہ	ہم حرام کرتے

مِنْ شَيْءٍ ط [2][3]	كَذٰلِكَ [4]	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
کوئی چیز	اسی طرح	جھٹلایا	(ان لوگوں نے) جو	اُن سے پہلے (تھے)

حَتّٰى	ذَاقُوْا	بَاْسَنَا ط	قُلْ [5]	هَلْ
یہاں تک کہ	اُن سب نے چکھ لیا	ہمارا عذاب	آپ کہہ دیجیے	کیا

عِنْدَكُمْ	مِّنْ عِلْمٍ [2][3]	فَتُخْرِجُوْهُ [6][7]	لَنَا ط [8]
تمہارے پاس (ہے)	کوئی علم	تو تم سب نکالو اُسے	ہمارے لیے

اِنْ [9]	تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَاِنْ [9]	اَنْتُمْ	اِلَّا
نہیں	تم سب پیروی کرتے	مگر	گمان (کی)	اور نہیں	تم	مگر

تَخْرُصُوْنَ (148)	قُلْ [5]	فَلِلّٰهِ [7]	الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ج [10]
تم سب اٹکل دوڑاتے	آپ کہہ دیجیے	پھر اللہ ہی کے لیے	دلیل کامل (ہے)

فَلَوْ [7]	شَآءَ	لَهَدٰىكُمْ	اَجْمَعِيْنَ [11] (149)	قُلْ [5]	هَلُمَّ
پس اگر	وہ چاہتا	(تو) ضرور ہدایت دیتا تمہیں	سب (کو)	آپ کہہ دیں	تم لاؤ

شُهَدَآءَكُمُ	الَّذِيْنَ	يَشْهَدُوْنَ	اَنَّ اللّٰهَ	حَرَّمَ
اپنے گواہوں (کو)	جو	وہ سب گواہی دیں	کہ بیشک اللہ (نے)	حرام کی ہیں

هٰذَا ج	فَاِنْ [7]	شَهِدُوْا	فَلَا تَشْهَدْ [7][12]	مَعَهُمْ ج
یہ (چیزیں)	پھر اگر	وہ سب گواہی دیں	تو آپ گواہی نہ دیں	اُن کے ساتھ

وَ	لَا تَتَّبِعْ [12]	اَهْوَآءَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
اور	آپ پیروی مت کریں	(اُن لوگوں کی) خواہشات کی	جن	سب نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَا [13]	وَالَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ [14]	بِالْاٰخِرَةِ [10][13]
ہماری آیات کو	اور (اُن لوگوں کی) جو	وہ سب ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر

آیت	ترجمہ
سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا	عنقریب (وہ لوگ) جنھوں نے شرک کیا کہیں گے
لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا	اگر اللہ چاہتا تو ہم شریک نہ بناتے
وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا	اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم حرام ٹھہراتے
مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ	کسی چیز کو، اسی طرح
كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ	(اُن لوگوں نے) جھٹلایا جو ان سے پہلے تھے
حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ	یہاں تک کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھ لیا
قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ	آپ کہہ دیجیے کیا تمھارے پاس کوئی علم (سند) ہے
فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ	(اگر ہے) تو آپ اُسے ہمارے سامنے نکالو؟
اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ	تم (اپنے) گمان کے سوا (کسی چیز کی) پیروی نہیں کرتے
وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿148﴾	اور اسکے سوا کچھ نہیں (کہ) تم اٹکل دوڑاتے ہو۔ ﴿148﴾
قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ	آپ کہہ دیجیے پھر اللہ ہی کے لیے کامل دلیل ہے
فَلَوْ شَآءَ	پس اگر وہ چاہتا
لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿149﴾	(تو) تم سب کو ضرور ہدایت دے دیتا۔ ﴿149﴾
قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ	آپ کہہ دیں لاؤ اپنے گواہوں کو جو
يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ	گواہی دیں کہ بیشک اللہ نے یہ (چیزیں) حرام کی ہیں
فَاِنْ شَهِدُوْا	پھر اگر وہ گواہی دے دیں
فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ	تو آپ اُن کے ساتھ گواہی مت دیں
وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ	اور نہ آپ (ان کی) خواہشات کی پیروی کریں
الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا	جنھوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا
وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ	اور (نہ اُن لوگوں کی) جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لفظ	اُردو استعمال
سَيَقُوْلُ	قول، اقوال زریں، مقولہ۔
اَشْرَكُوْا	شرک، شریک، مشرک۔
شَآءَ	ان شاء اللہ، مشیّت الٰہی۔
وَ	شان و شوکت، رحم و کرم۔
لَا	لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
اٰبَآؤُنَا	آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔
حَرَّمْنَا	حرام، محرم، تحریم۔
مِنْ	منجانب، من حیث القوم۔
شَيْءٍ	شے، اشیائے خورد و نوش۔
قَبْلِهِمْ	قبل از وقت، قبل الکلام۔
حَتّٰى	حتیٰ کہ، حتی الامکان۔
ذَاقُوْا	خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
عِنْدَكُمْ	عندالطلب، عنداللہ۔
فَتُخْرِجُوْهُ	خارج، خروج، وزیر خارجہ۔
تَتَّبِعُوْنَ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
اِلَّا	اِلاماشاءاللہ، اِلا قلیل۔
الظَّنَّ	سوءِ ظن، حسنِ ظن۔
الْحُجَّةُ	اتمام حجت۔
الْبَالِغَةُ	بالغ، بلوغت، ابلاغ، مبلغ۔
شَآءَ	ماشاءاللہ، مشیّت الٰہی۔
لَهَدٰىكُمْ	ہدایت، ہادی برحق۔
اَجْمَعِيْنَ	جمع، جمیع، جامع، مجمع۔
شُهَدَآءَ	شاہد، شہید، شہادت۔
حَرَّمَ	حرام، تحریم، حرمت۔
هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، لہٰذا۔
مَعَهُمْ	مع اہل و عیال، معیّت۔
اَهْوَآءَ	ہوائے نفس۔
كَذَّبُوْا	کذب بیانی، کذاب۔
يُؤْمِنُوْنَ	امن، ایمان، مومن۔
بِالْاٰخِرَةِ	فکرِ آخرت، اخروی زندگی۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

ع 18 6 5

وَهُمْ	بِرَبِّهِمْ	يَعْدِلُوْنَ ﴿150﴾ ع	قُلْ [1]	تَعَالَوْا [2]
اور وہ سب	اپنے رب کیساتھ	وہ سب برابر ٹھہراتے ہیں	آپ کہہ دیجیے	تم سب آؤ

اَتْلُ	مَا حَرَّمَ	رَبُّكُمْ [3]	عَلَيْكُمْ	اَلَّا [4]
میں پڑھتا ہوں	جو حرام کیا ہے	تمہارے رب نے	تم پر	یہ کہ نہ

تُشْرِكُوْا [5]	بِهٖ	شَيْئًا [6]	وَّ	بِالْوَالِدَيْنِ
تم سب شریک ٹھہراؤ	اس کے ساتھ	کسی چیز (کو)	اور	والدین کے ساتھ

اِحْسَانًا ج	وَ	لَا تَقْتُلُوْٓا [5]	اَوْلَادَكُمْ [3]	مِّنْ اِمْلَاقٍ ط
احسان کرنا	اور	تم سب مت قتل کرو	اپنی اولاد (کو)	مفلسی (کے ڈر) سے

نَحْنُ	نَرْزُقُكُمْ [3]	وَاِيَّاهُمْ ج [7]	وَ	لَا تَقْرَبُوا [5]
ہم	ہم رزق دیتے ہیں تمہیں	اور اُن کو (بھی)	اور	تم سب مت قریب جاؤ

الْفَوَاحِشَ	مَا ظَهَرَ	مِنْهَا	وَمَا	بَطَنَ ج	وَ
بے حیائی (کے)	جو ظاہر ہوا	اُن میں سے	اور جو	پوشیدہ ہوا	اور

لَا تَقْتُلُوا [5]	النَّفْسَ [8]	الَّتِيْ	حَرَّمَ اللّٰهُ [8]	اِلَّا بِالْحَقِّ ط [9]
تم سب مت قتل کرو	جان (کو)	جسے	اللہ نے حرام کیا	مگر حق کے ساتھ

ذٰلِكُمْ [10]	وَصّٰىكُمْ [3]	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ ﴿151﴾
یہ (ہے)	اُس نے وصیت کی تمہیں	اس کی	تاکہ تم	تم سب سمجھو

وَ	لَا تَقْرَبُوْا [5]	مَالَ الْيَتِيْمِ	اِلَّا	بِالَّتِيْ
اور	تم سب مت قریب جاؤ	یتیم کے مال (کے)	مگر	(اس طریقے) سے جو

هِيَ	اَحْسَنُ [11]	حَتّٰى	يَبْلُغَ	اَشُدَّهٗ ج [12]
وہ	سب سے اچھا ہو	یہاں تک کہ	وہ پہنچ جائے	اپنی پختگی (کو)

وَ	اَوْفُوا	الْكَيْلَ [8]	وَ	الْمِيْزَانَ	بِالْقِسْطِ ج
اور	تم سب پورا کرو	ماپ	اور	تول	انصاف کے ساتھ

لَا نُكَلِّفُ [13]	نَفْسًا [8] [6]	اِلَّا	وُسْعَهَا ج
نہیں ہم تکلیف دیتے	کسی نفس (کو)	مگر	اس کی طاقت (کے مطابق)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق "و" کو حذف کیا گیا ہے۔

[2] تَعَالَوْا دراصل عُلُوّ سے ہے اس کا اصل ترجمہ بلندی کی طرف آؤ ہوتا ہے، پھر اس کا استعمال عام بلانے کے لیے ہو گیا۔

[3] کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

[4] اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔

[5] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[6] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جا سکتا ہے۔

[7] اِيَّاهُمْ میں هُمْ الگ لفظ نہیں بلکہ یہ مکمل لفظ ہے۔

[8] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[9] یعنی قصاص میں قتل جائز ہے۔

[10] جب ذٰلِكَ سے اشارہ کیا جا رہا ہو اور جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ اور مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے البتہ معنیٰ وہی رہتا ہے۔

[11] یہاں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[12] یعنی اس وقت تک یتیم کے مال کی حفاظت کرو جب تک وہ شعور کی عمر کو نہ پہنچ جائے۔

[13] لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

ع 18 6 5

وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ (150)	اور وہ (بتوں کو) اپنے رب کے ساتھ برابر ٹھہراتے ہیں (150)
قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ	آپ کہہ دیجیے آؤ میں (تمہیں) پڑھ کر سناتا ہوں
مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ	جو تمہارے رب نے تم پر حرام کیا ہے
اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا	یہ کہ اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت ٹھہراؤ
وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ	اور والدین کے ساتھ احسان کرو
وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ	اور تم اپنی اولاد کو قتل مت کرو
مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ	مفلسی (کے ڈر) سے
نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ	ہم (ہی) رزق دیتے ہیں تمہیں (بھی) اور اُن کو بھی
وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ	اور تم بے حیائی کے (کاموں کے) قریب مت جاؤ
مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ	جو اُن میں سے ظاہر ہیں اور جو چھپی ہیں
وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ	اور تم اس جان کو قتل مت کرو جسے
حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ	اللہ نے حرام کیا مگر حق کے ساتھ
ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ	یہ ہے جس کا اس نے تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ (151)	تاکہ تم سمجھو۔ (151)
وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ	اور تم یتیم کے مال کے قریب مت جاؤ
اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ	مگر اس طریقے سے جو (کہ) وہ سب سے اچھا ہو
حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ	یہاں تک کہ وہ اپنی پختگی کو پہنچ جائے
وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ	اور تم ماپ اور تول کو پورا کرو
بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ	انصاف کے ساتھ، نہیں ہم تکلیف دیتے
نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ	کسی نفس کو مگر اس کی طاقت کے مطابق

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

يَعْدِلُوْنَ : عدل، عدلیہ، عادلانہ نظام۔
قُلْ : قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
اَتْلُ : تلاوت قرآن، وحی متلو۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
حَرَّمَ : حرام، تحریم، حرمت۔
عَلَيْكُمْ : علی الاعلان، علی العموم۔
تُشْرِكُوْا : شرک، شریک، مشرک۔
اِحْسَانًا : حسنِ اخلاق، احسان کرنا۔
تَقْتُلُوْٓا : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
اَوْلَادَكُمْ : ولادت، ولد، اولاد، مولود۔
نَرْزُقُكُمْ : رزق، رزّاق، رازق۔
تَقْرَبُوْا : قرب، قریب، قرابت۔
الْفَوَاحِشَ : فحش، فحاشی، فواحش، فاحشہ۔
ظَهَرَ : ظاہر، مظاہرہ، مظہر۔
بَطَنَ : ظاہر و باطن، بطنِ مادر۔
النَّفْسَ : نفس، نفسا نفسی، نفوس۔
اِلَّا : الاماشاءاللہ، الاقلیل۔
بِالْحَقِّ : حق، حقیقت، حق گوئی۔
وَصّٰىكُمْ : وصیت، آخری وصیت۔
تَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول۔
مَالَ : مال و دولت، مال و جان۔
اَحْسَنُ : حسین، احسن، تحسین۔
حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی الامکان۔
يَبْلُغَ : بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ۔
اَشُدَّهٗ : شدید، شدت۔
اَوْفُوْا : وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
الْمِيْزَانَ : وزن، اوزان، میزان۔
بِالْقِسْطِ : قسط، اقساط۔
نُكَلِّفُ : مکلف، تکلیف۔
وُسْعَهَا : وسعت، وسیع و عریض۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

وَ [1]	اِذَا	قُلْتُمْ	فَاعْدِلُوْا	وَ [1]	لَوْ كَانَ [2]
اور	جب	تم بات کرو	تو تم سب انصاف کرو	اس حال میں کہ	اگرچہ ہو

ذَا قُرْبٰى ج	وَ [1]	بِعَهْدِ اللّٰهِ [3]	اَوْفُوْا [1] ط	ذٰلِكُمْ [4]
قرابت والا	اور	اللہ کے عہد کو	تم سب پورا کرو	یہ

وَصّٰىكُمْ	بِهٖ [3]	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ [5] (152) لا	وَ اَنَّ [1]
وصیت کی ہے تمہیں	اس کی	تاکہ تم	تم سب نصیحت حاصل کرو	اور بے شک

هٰذَا	صِرَاطِيْ	مُسْتَقِيْمًا	فَاتَّبِعُوْهُ [6] ج	وَ [1]
یہ	میرا راستہ (ہے)	سیدھا	تو تم سب پیروی کرو اُس کی	اور

لَا تَتَّبِعُوا [7]	السُّبُلَ	فَتَفَرَّقَ [5][8]	بِكُمْ [3]
مت تم سب پیروی کرو	(اور) راستوں کی	ورنہ وہ الگ کردیں گے	تم کو

عَنْ سَبِيْلِهٖ ط	ذٰلِكُمْ [4]	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ [3]	لَعَلَّكُمْ
اسکے اصل راستے سے	یہ	اُس نے وصیت کی ہے تمہیں	اس کی	تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ (153)	ثُمَّ	اٰتَيْنَا [9]	مُوْسَى	الْكِتٰبَ
تم سب بچ جاؤ	پھر	ہم نے دی	موسیٰ (علیہ السلام) کو	کتاب

تَمَامًا	عَلَى الَّذِيْٓ	اَحْسَنَ [10]	وَ [1]	تَفْصِيْلًا
پوری کرنے (کے لیے)	(اس) پر جس نے	نیکی کی	اور	تفصیل (ہے)

لِّكُلِّ شَيْءٍ [11]	وَّ [1]	هُدًى	وَّ [1]	رَحْمَةً [12]
ہر چیز کی	اور	ہدایت	اور	رحمت

لَعَلَّهُمْ	بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ [3]	يُؤْمِنُوْنَ (154) ع	وَ [1]	هٰذَا
تاکہ وہ	اپنے رب کی ملاقات پر	وہ سب ایمان لائیں	اور	یہ

ع 19 4 6

كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ [9]	مُبٰرَكٌ [13]	فَاتَّبِعُوْهُ [6]
کتاب (ہے)	ہم نے نازل کیا اِسے	برکت کی گئی (ہے)	پس تم سب پیروی کرو اسکی

وَ [1]	اتَّقُوْا	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ [14] (155) لا
اور	تم سب تقویٰ اختیار کرو	تاکہ تم	تم سب رحم کیے جاؤ

1. وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی ترجمہ کیا جاتا ہے۔
2. لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔
3. بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔
4. جب ذٰلِكَ سے اشارہ کیا جارہا ہو اور جن کیلیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ اور مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے البتہ معنیٰ وہی رہتا ہے۔
5. یہ دراصل تَتَذَكَّرُوْنَ اور فَتَتَفَرَّقَ تھا علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے یہاں پڑھنے میں آسانی کے لیے ایک تَ حذف ہے۔
6. علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔
7. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
8. یہاں فَ بسبب بیان کرنے کے لیے ہے اور ترجمہ اس لیے کہ یا ورنہ ہے۔
9. نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
10. یہاں شروع میں "اَ"، فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔
11. اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔
12. ةً واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
13. اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔
14. علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے حرف پر زبر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ اِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا	اور جب تم بات کرو تو انصاف کرو
وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ج	اس حال میں (کہ) اگر چہ وہ قرابت والا ہو
وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ط	اور اللہ کے عہد کو پورا کرو
ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ	یہ ہے جس کا (اللہ نے) تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے
لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿152﴾ لا	تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔ ﴿152﴾
وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا	اور یہ کہ بے شک یہ میرا سیدھا راستہ ہے
فَاتَّبِعُوْهُ ج	تو تم اس کی پیروی کرو
وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ	اور تم (دوسرے) راستوں کی پیروی مت کرو
فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ط	اس لیے کہ وہ تم کو اسکے راستے سے الگ کر دینگے
ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ	یہ ہے جس کا (اللہ نے) تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿153﴾	تاکہ تم بچ جاؤ۔ ﴿153﴾
ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	پھر (ایک بات یہ بھی ہے کہ اس سے پہلے) ہم نے موسیٰ کو کتاب دی
تَمَامًا عَلَى	(اس شخص) پر (نعمت) پوری کرنے کے لیے
الَّذِيْٓ اَحْسَنَ	جس نے نیکی کی
وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ	اور ہر چیز کی تفصیل بیان کرنے (کے لیے)
وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ	اور ہدایت اور رحمت (کے لیے) تاکہ وہ
بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿154﴾ ع (ع 19 4 6)	اپنے رب کی ملاقات پر ایمان لے آئیں۔ ﴿154﴾
وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ	اور یہ کتاب ہے ہم نے اسے نازل کیا ہے
مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ	برکت والی ہے، پس تم اس کی پیروی کرو
وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿155﴾ لا	اور تم (اللہ سے) ڈرو تاکہ تم رحم کیے جاؤ۔ ﴿155﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	شان وشوکت، رحم وکرم۔
قُلْتُمْ	قول، مقولہ، اقوال زریں۔
فَاعْدِلُوْا	عدل، عادل، عادلانہ نظام۔
قُرْبٰى	قرب، قریب، قرابتدار۔
بِعَهْدِ	عہد وپیمان، ایفائے عہد۔
اَوْفُوْا	وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
وَصّٰىكُمْ	وصیت، آخری وصیت۔
تَذَكَّرُوْنَ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
هٰذَا	لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
صِرَاطِيْ	پُل صراط، صراط مستقیم۔
مُسْتَقِيْمًا	صراط مستقیم، استقامت۔
فَاتَّبِعُوْهُ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
لَا	لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
السُّبُلَ	فی سبیل اللہ۔
فَتَفَرَّقَ	متفرق، تفریق، فرق۔
تَتَّقُوْنَ	تقویٰ، متقی۔
الْكِتٰبَ	کتاب، کتب، مکتوب۔
تَمَامًا	اتمام حجت، تمت بالخیر۔
عَلَى	علی الاعلان، علی العموم۔
اَحْسَنَ	احسان کا بدلہ احسان۔
تَفْصِيْلًا	تفصیل، مفصل۔
لِّكُلِّ	کل نمبر، کل تعداد۔
شَيْءٍ	شے، اشیائے خورد ونوش۔
هُدًى	ہدایت، ہادی برحق۔
بِلِقَآءِ	ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
يُؤْمِنُوْنَ	امن، ایمان، مومن۔
اَنْزَلْنٰهُ	نازل، نزول، انزال۔
مُبٰرَكٌ	برکت، برکات، مبارک۔
فَاتَّبِعُوْهُ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
تُرْحَمُوْنَ	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔

اَنْ	تَقُوْلُوْٓا	اِنَّمَآ	اُنْزِلَ [1]	الْكِتٰبُ
(یہ نہ ہو) کہ	تم سب کہو	بے شک صرف	نازل کی گئی	کتاب

عَلٰى طَآىِٕفَتَيْنِ	مِنْ قَبْلِنَا ۠ص	وَاِنْ [2]	كُنَّا [3]	عَنْ دِرَاسَتِهِمْ
دو گروہوں پر	ہم سے پہلے	اور بیشک	ہم تھے	اُنکے پڑھنے پڑھانے سے

لَغٰفِلِيْنَ [4] ﴿156﴾ لا	اَوْ	تَقُوْلُوْا	لَوْ	اَنَّآ [5]
یقیناً سب بے خبر	یا	تم سب (یہ) کہو	اگر	بلاشبہ ہم (کہ)

اُنْزِلَ [1]	عَلَيْنَا	الْكِتٰبُ	لَكُنَّآ [4]	اَهْدٰى [6]
نازل کی گئی (ہوتی)	ہم پر	کتاب	یقیناً ہم ہوتے	زیادہ ہدایت یافتہ

مِنْهُمْ ج	فَقَدْ	جَآءَكُمْ	بَيِّنَةٌ [7]
اُن سے	سو یقیناً	آچکی تمہارے پاس	روشن دلیل

مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَهُدًى	وَّ	رَحْمَةٌ ج [7]	فَمَنْ
تمہارے رب (کی طرف) سے	اور ہدایت	اور	رحمت	تو کون

اَظْلَمُ [6]	مِمَّنْ [8]	كَذَّبَ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ [9] [7]	وَصَدَفَ [10]
زیادہ ظالم (ہے)	(اُس) سے جو	جھٹلائے	اللہ کی آیتوں کو	اور اعراض کرے

عَنْهَا ط	سَنَجْزِي [11]	الَّذِيْنَ	يَصْدِفُوْنَ
اُن سے	عنقریب ضرور ہم سزا دیں گے	(اُن لوگوں کو) جو	وہ سب اعراض کرتے ہیں

عَنْ اٰيٰتِنَا	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	بِمَا [9]	كَانُوْا
ہماری آیات سے	برے	عذاب (کی)	(اس) کے بدلے جو	وہ سب تھے

يَصْدِفُوْنَ ﴿157﴾	هَلْ [12]	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ اَنْ	تَاْتِيَهُمُ [7]
وہ سب اعراض کرتے	نہیں	وہ سب انتظار کر رہے	مگر یہ کہ	آئیں اُنکے پاس

الْمَلٰٓىِٕكَةُ [13]	اَوْ	يَاْتِيَ [14]	رَبُّكَ	اَوْ	يَاْتِيَ [14]
فرشتے	یا	آئے	آپ کا رب	یا	آئیں

بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ط [7]	يَوْمَ	يَاْتِيْ [14]	بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ [15] [7]
آپکے رب کی بعض نشانیاں	(جس) دن	آئیں گی	آپ کے رب کی بعض نشانیاں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

